Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 — ہفتہ، 7 ستمبر 2024ء، 2 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 158

سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کیس کا محفوظ فیصلہ سنا دیا — حکومت کی اپیلیں منظور، ترامیم بحال

چیف جسٹس اور ججز پارلیمنٹ کے لیے گیٹ کیپر نہیں ہوسکتے، پارلیمان اور عدلیہ کا آئین میں اپنا اپنا کردار واضح ہے' عدالت، بہت سی ترامیم کے معمار عمران نیازی خود تھے

بانی پی ٹی آئی نے نیک نیتی سے درخواست دائر نہیں کی، تحریری فیصلہ جاری، وفاقی حکومت کا استحقاق نہیں تھا کہ انٹرا کورٹ اپیل دائر کرے' اپیل صرف متاثرہ فریق ہی دائر کرسکتا ہے' جسٹس اطہر من اللہ کا اضافی نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کیس کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ترامیم بحال کردی ہیں، عدالت نے حکومت کی اپیلیں منظور کرلیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ چیف جسٹس اور ججز پارلیمنٹ کے لیے گیٹ کیپر نہیں ہوسکتے، پارلیمان اور عدلیہ کا آئین میں اپنا اپنا کردار واضح ہے۔ عدالت عظمیٰ کے فیصلے میں جسٹس اطہر من اللہ کے اضافی نوٹ کو بھی حصہ بنایا گیا ہے، جس میں (بقیہ نمبر 28)

مفتی منیب الرحمٰن میلاد مصطفیٰ ﷺ وجلسہ دستار فضیلت سے خطاب کررہے ہیں

عمران خان پر 9 مئی واقعات کی دفعات لگیں گی

9 مئی کو فیض حمید، عمران خان ایک دوسرے سے استعمال ہوگئے، بیرسٹر عقیل ملک

کسی پر آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے تو ٹرائل ملٹری کورٹ میں ہوگا، مشیر وزارت قانون

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزارت قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ میرا خیال کہ 9 مئی کو فیض حمید اور عمران خان ایک دوسرے سے استعمال ہوگئے، دونوں کا سیاسی مقصد اقتدار میں رہنا تھا، عمران خان پر 9 مئی واقعات کی دفعات لگیں (بقیہ نمبر 29)

وزیر اطلاعات کی کیپٹن احمد بدر شہید کے گھر آمد، لواحقین سے تعزیت کا اظہار

کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہیں، حکومت اور پاک فوج فتنہ الخوارج کے خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، عطاء اللہ تارڑ

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ وثقافت عطاء اللہ تارڑ جمعہ کو یوم دفاع پاکستان کے موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے گھر گئے اور شہید کے والد کرنل ریٹائرڈ بدر الدین اور دیگر لواحقین سے ملاقات (بقیہ نمبر 32)

لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو چیئرمین نادرا کے عہدے سے ہٹانے کا حکم

شہری اشبا کامران نے چیلنج کیا تھا، لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست کو منظور کرلیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف (بقیہ نمبر 31)

یوم دفاع: مزار قائد پر تبدیلی گارڈز کی پروقار تقریب

پاکستان ایئرفورس اصغر خان اکیڈمی کے چاق و چوبند دستے، کیڈٹس نے گارڈ کے فرائض سنبھال لیے

کراچی (این این آئی) 6 ستمبر کو یوم دفاع کے موقع پر کراچی میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان ایئر فورس اصغر خان اکیڈمی کے چاق و چوبند (بقیہ نمبر 30)

کراچی، یوم دفاع پاکستان کے موقع پر مزار قائد پر گارڈ آف آنر کی تبدیلی کے پروقار تقریب پر پاک فضائیہ کا چاق و چوبند دستہ گارڈز کے فرائض سنبھالنے کے بعد پریڈ کررہا ہے

مریم نواز شریف کی یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری، پھول چڑھائے، درجات کی بلندی کی دعائیں

ملک کا دفاع ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کی یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری، پھول چڑھائے، درجات کی بلندی کی دعائیں، پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات، بچوں سے اظہار شفقت، قوم کو پیغام دینا چاہتی ہوں بیرونی دفاع میں افواج پاکستان ایک بہت اچھا کام کررہی ہیں، افواج پاکستان جاگتی ہیں تو ہم سکون سے سوتے ہیں

شہداء ہمارے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، شہداء کی قربانیاں کسی بھی قوم کی ریڈ لائن ہوتی ہے، اسے کراس کرنا، اسے توڑنا، کسی بھی محب وطن انسان کو زیب نہیں دیتا، گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی یوم دفاع کے موقع پر کینٹ میں یادگار شہداء پر حاضری دی اور پھول چڑھائے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا بھی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد خصوصی طور پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے لئے بہت اعزاز اور فخر کی بات ہے۔ یوم دفاع پر آج مجھے شہداء کی یادگار پر آنے اور خراج عقیدت (بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یوم دفاع پر پیغام

دھرتی کے لیے جان نچھاور کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یوم دفاع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دھرتی کے لیے جان نچھاور کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے۔ 6 ستمبر کا دن کبھی فراموش نہیں کیا جا (بقیہ نمبر 33)

اسٹیٹ بینک نے نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائنز شارٹ لسٹ کر لیے

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک نے نئے نوٹوں کی سیریز کے مقابلے کے نتائج جاری کردیے اور نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائنز کو شارٹ لسٹ کرلیا۔ اعلامیہ (بقیہ نمبر 34)

نو مئی واقعات پر آرمی ایکٹ لاگو نہیں ہوتا تو پھر اسے رکھا ہی کیوں ہے؟ رانا ثناء اللہ

وزیراعظم نے فلور آف دا ہاؤس پہ واضح بات کی آئیں بیٹھیں، ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، ملکی مسائل کا حل نکالنا ہے تو رویوں کو تبدیل کرنا ہوگا

ٹاپ سٹی معاملات کے وقت ہماری حکومت تھی، یہ کام جنرل ریٹائرڈ فیض ہی کررہے تھے، مشیر وزیراعظم کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نو مئی کے واقعات پر بھی آرمی ایکٹ لاگو نہیں ہوتا تو پھر اس ایکٹ کو رکھا ہی کیوں ہے؟ ایکٹ موجود ہے تو پھر اس کے تحت کارروائی ہوگی، ملٹری کورٹ بارے عمران خان کی جانب سے جو ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر ہوئی ہے اس پر مجھے بڑا شک ہورہا ہے کہ ان کے پاس باقاعدہ کوئی ایسا ذمہ دارانہ وجہ ہے جس کے تحت یہ پٹیشن دائر کی ہے۔ (بقیہ نمبر 35)

وزیراعظم شہباز شریف چوہدری نثار علی خان سے ان کی بہن کے انتقال پر تعزیت کررہے ہیں

گرڈ سٹیشنوں پر حملے کرنیوالوں کیخلاف FIR درج کی جائے

اگر مقامی پولیس کارروائی سے کتراتی ہے تو پیسکو عملہ سیشن جج کے پاس جائے گا

گرڈ سٹیشنوں پر حملہ اور قبضہ کرنے والوں کے ویڈیوز سوشل میڈیا پر بھی جاری کی جائیں گی، پاور ڈویژن کا خط

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) خیبر پختونخوا میں گرڈ سٹیشنوں پر حملوں اور قبضے کے واقعات پر پاور ڈویژن کی جانب سے سخت اقدامات کا فیصلہ۔ پاور ڈویژن نے پیسکو کے چیئرمین بورڈ کو خط لکھ دیا۔ گرڈ سٹیشنوں پر حملہ کرنے والوں کے خلاف بلاخوف ایف آئی آر کاٹی جائے گی، اگر مقامی پولیس کارروائی سے کتراتی ہے تو پیسکو عملہ سیشن جج کے پاس جائے گا، اگر پولیس اور سیشن جج ایف آئی آر (بقیہ نمبر 46)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد شہداء کے بچوں سے مل رہی ہیں

قیدیوں کی مشقت کیلئے یونیفارم لیبر سکیل متعارف

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے جیلوں میں قیدیوں کی مشقت کیلئے یونیفارم لیبر سکیل متعارف کروا دیا۔ قبل ازیں عدالت سے قید بامشقت پانے والے مجرمان سے ایک دن میں کتنی مشقت کروائی جائے طے نہیں تھا، مشقت کے کسی پیمانے کی عدم موجودگی میں تمام قیدیوں سے مساوی سلوک روا رکھنا ممکن نہیں تھا۔ یونیفارم لیبر سکیل کی عدم موجودگی کے باعث جیلوں میں قائم (بقیہ نمبر 36)

جونیئر نااہل ترین CEO ہیلتھ راولپنڈی کی عدم توجہی کے سبب ڈینگی پھیلانے کا خطرہ

سابق سیکرٹری ہیلتھ علی جان کا منظور نظر CEO سب اچھا کی رپورٹس پر تعریفوں کے پل باندھنے میں مشغول ڈسٹرکٹ میں ڈینگی بے قابو

تحصیل گوجرخان میں ڈینگی کی ٹیمیں آنکھ میں ڈالنے کے لیے کہیں بھی نظر نہیں آتیں گردونواح میں مچھروں کی بہتات

شہر کے اندر بیشتر گنجان آباد ایریاز میں بھینسوں کے باڑے قائم حالیہ تباہ کن بارشیں ہونے کے باوجود کباڑ خانوں کا بھی کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان شہر میں ڈینگی کی ٹیمیں آنکھ میں ڈالنے کے لیے کہیں بھی نظر نہیں آتیں جونیئر ترین شخص کو محکمہ صحت ریفارمز نے سی ای او ہیلتھ لگا کر ڈسٹرکٹ راولپنڈی کا ستیاناس کر کے رکھ دیا سینئر ترین گریڈ 19 کے تجربہ کار افسران کو نظرانداز کر کے سابق سیکرٹری ہیلتھ علی جان نے آصف خان نیازی کو راولپنڈی کے پلے ڈال دیا جس کی عدم توجہی اور غفلت کے سبب ڈینگی بے قابو ہوتا (بقیہ نمبر 40)

1965 کی جنگ کی فاتحانہ وراثت کو فخر سے یاد کررہے ہیں، آئی ایس پی آر

افواج تمام خطرات اور چیلنجوں سے ملک کے دفاع کے لیے عزم کا اعادہ کرتی ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے 59 ویں یوم دفاع وشہداء کے موقع پر چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی، سروسز چیفس اور مسلح افواج نے اپنے پیغام (بقیہ نمبر 47)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف ماڈل ٹاؤن میں ملاقات کررہے ہیں

جیل سہولیات کی درخواست، بانی پی ٹی آئی کو متعلقہ بنچ سے رجوع کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل میں سہولیات دینے کی درخواست پر متعلقہ بنچ سے رجوع کی ہدایت کردی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے درخواست کے لگائے گئے اعتراضات پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 41)

نواب شاہ پولیس اور شہری کراچی سے لاہور جانیوالی شالیمار ایکسپریس اور ٹرک کے درمیان تصادم کے بعد جائے وقوعہ پر موجود ہیں

عوام جعلی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے بعد پونزی اسکیموں کے نشانہ پر ہیں

عوام محتاط رہنا ہوگا، ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی ماہانہ کھلی کچہری

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور امجد مجید اولکھ نے کہا ہے کہ رجسٹرڈ کمپنیوں اور بینک کے علاوہ کسی کو عوام سے رقوم اکٹھی کرنے کا اختیار نہیں، عوام جعلی ہاؤسنگ (بقیہ نمبر 48)

سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (کاس) لاہور کے زیراہتمام

یوم فضائیہ کی مناسبت سے خصوصی لیکچر کا انعقاد

کاس کے زیراہتمام ایک خصوصی لیکچر بعنوان "فرام دا کاک پٹ، ریفلیکشنز فرام دا پی اے ایف پاسٹ فار دا فیوچر" منعقد کیا گیا

پاک فضائیہ کے شاندار ماضی کو اس کے تابناک مستقبل کا آئینہ دار ہے، ونگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم بیگ مرزا کا خطاب

پاک فضائیہ کی بابصیرت قیادت کی زیرنگرانی گزشتہ دہائیوں کے دوران ملکی فضائیہ کو جدید تقاضوں کے ہم آہنگ بنایا گیا ہے

تقریب کا اختتام ریٹائرڈ ائیر مارشل عاصم سلیمان کے اختتامی کلمات سے کیا گیا جو کہ اس ادارے کاس کے سربراہ ہیں

کاس کے سربراہ نے پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سندھو کی قیادت میں جاری تزویراتی تبدیلیوں پر بھی روشنی ڈالی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (کاس) لاہور کے زیر اہتمام یوم فضائیہ کی مناسبت سے ایک خصوصی لیکچر کا انعقاد۔ پاک فضائیہ کے شاندار ماضی اور تابناک مستقبل کا جائزہ لیا گیا۔ یوم فضائیہ کے خصوصی دن کی مناسبت سے لاہور میں واقع سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز (کاس) کے زیر اہتمام ایک خصوصی لیکچر بعنوان "فرام دا کاک پٹ: ریفلیکشنز فرام دا پی اے ایف پاسٹ فار دا فیوچر" منعقد کیا گیا۔ 5 ستمبر 2024 کو ہونے والی اس تقریب سے ونگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم بیگ مرزا نے خطاب کیا۔ ونگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم (بقیہ نمبر 37)

سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز کے زیراہتمام تقریب میں شرکاء کا گروپ فوٹو

کارساز حادثہ کیس، فریقین میں معاملات طے

ہمارے درمیان معاملات طے پا گئے ہیں، ہم نے ملزمہ کو معاف کردیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کارساز میں پیش آنے والے حادثے کے کیس میں فریقین میں معاملات طے پا گئے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے عمران عارف اور آمنہ عارف کے ورثاء نے حلف نامے تیار کروا لیے ہیں۔ حلف نامے آج ملزمہ (بقیہ نمبر 42)

الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کی چاروں متفرق درخواستیں مسترد کردیں

الیکشن کمیشن کا دس صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری، فیصلہ ممبر سندھ نثار درانی کی جانب سے تحریر کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے انٹرا پارٹی کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی چاروں متفرق درخواستیں مسترد کردیں۔ الیکشن کمیشن نے دس صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کردیا، الیکشن کمیشن کا فیصلہ ممبر سندھ نثار درانی کی جانب سے (بقیہ نمبر 43)

چیمبر آف کامرس کے الیکشن، میاں اسلم پرویز گروپ کا شو آف پاور

راجہ مجاہد افسر نے تاجر برادری کیلئے بے پناہ خدمات پر گروپ لیڈر سہیل آفتاب کو گولڈ میڈل پہنایا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

گلف کلب مارکی راولپنڈی میں میاں گروپ نے سات سو سے زائد ممبران کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیکر مخالفین پر نفسیاتی برتری حاصل کرلی ہے

چکوال (خاور شہزاد سے) چیمبر آف کامرس کے الیکشن کیلئے میاں اسلم پرویز گروپ کا گلف کلب مارکی میں شاندار شو آف پاور، عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈڈوٹ کی خصوصی شرکت راجہ مجاہد افسر نے تاجر برادری کیلئے بے پناہ خدمات پر گروپ لیڈر سہیل آفتاب کو گولڈ میڈل پہنایا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے الیکشن کیلئے میاں اسلم پرویز گروپ کو 11 ستمبر کو ہونے والے (بقیہ نمبر 49)

پی ٹی آئی رہنما اظہر مشوانی کے لاپتہ دونوں بھائی 92 دن بعد گھر پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سوشل میڈیا ہیڈ اظہر مشوانی تصدیق کی ہے کہ ان کے لاپتہ دونوں بھائی پروفیسر مظہر مشوانی اور پروفیسر ظہور مشوانی گزشتہ رات 2 بجے گھر پہنچ گئے۔ سماجی روابط کی ویب سائٹ 'ایکس' پر (بقیہ نمبر 51)

شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے: سرفراز بگٹی

6 ستمبر اجتماعی قومی جذبہ اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھنے کا درس دیتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ یوم دفاع اس عہد کی تجدید ہے کہ ہم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے۔ یوم دفاع کے موقع پر پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ 6 ستمبر اجتماعی قومی جذبہ اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھنے کا درس دیتا ہے، 6 ستمبر 1965 کو ہماری افواج نے دشمن کے قدم اکھاڑ دیے اور مادر وطن کے دفاع کے لئے سیسہ پلائی دیوار بن گئے۔ وزیراعلیٰ میر (بقیہ نمبر 50)

ڈی جی ماحولیات عمران حامد اور سی ای او عمارہ اطہر آگاہی مہم کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور میں یوم دفاع کی پروقار تقریب

تلاوت قرآن مجید کے بعد شعبہ تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع نے تاریخی حوالے سے 06 ستمبر 1965ء کی جنگ کے احوال بیان کیے

پرنسپل کالج، پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلیم کا طلبہ سے خطاب، اپنی قوم اور افواج کے عزم و استقلال کو قائم رکھنے اور ملکی ترقی کو پروان چڑھانے کا پیغام دیا

تقریب کے دوسرے سیشن میں ملی نغموں اور تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں کالج کے طلبا نے بھرپور حصہ لیا

تمام پوزیشن ہولڈرز اور ڈرامیٹک کلب کے طلبا میں نقدی انعامات اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے اور گروپ فوٹو لی گئی

گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور میں یوم دفاع کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں سٹاف کا گروپ فوٹو

لاہور (نمائندہ خصوصی) 06 ستمبر 2024ء کو گورنمنٹ شالیمار گریجویٹ کالج لاہور میں یوم دفاع کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے پہلے سیشن کا آغاز صبح 08:00 بجے قومی ترانے کے ساتھ کیا گیا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد شعبہ تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع نے تاریخی حوالے سے 06 ستمبر 1965ء کی جنگ کے احوال بیان کیے جس میں انہوں نے افواج پاکستان اور عوام کے بے پاک حوصلوں اور قربانیوں کو اجاگر کیا۔ بعدازاں پرنسپل کالج، پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلیم نے طلبہ سے خطاب کیا اور انہیں اپنی (بقیہ نمبر 38)

چار کم سن کوہ پیما بچیوں نے کم عمر ترین مہم جو ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا

چترال (این این آئی) چترال کی چار کم سن کوہ پیما بچیوں انوش عالم، عنایہ عرفان، عنم خادم اور عہیل دانیال نے 4700 میٹر بلند ہندوکش کی چوٹی ترنجیر کے بابوبیں کیمپ پہنچ کر چترال کی تاریخ میں کم عمر ترین مہم جو ہونے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ جبکہ ترئی (بقیہ نمبر 53)

مسلح افواج کی قربانیاں قوم کیلئے فخر اور حوصلے کا باعث ہیں: بلاول بھٹو

ملک کے دفاع کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین وسابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ مسلح افواج کی جرات اور قربانیاں قوم کیلئے فخر اور حوصلے کا باعث ہیں۔ یوم دفاع کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ ملک کے دفاع کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، آج کا دن قوم کو ایک بار پھر اس جذبہ استقامت اور حب الوطنی کی یاد دلاتا ہے جو ہمیں یکجا کرتا ہے، ہماری مسلح افواج نے ہمیشہ چیلنجز کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے سرحدوں کی حفاظت کی (بقیہ نمبر 52)

دفاع وطن ہمیں جان سے بھی مقدم ہے، چوہدری برجیس طاہر

شہدائے وطن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سابق وفاقی وزیر

ننکانہ صاحب (این این آئی) شہدائے وطن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان شاء اللہ رنگ لائیں گی دفاع وطن ہمیں جان سے بھی مقدم ہے مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن سابق گورنر وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر (بقیہ نمبر 44)

زندہ قومیں وطن کی خودمختاری اور سالمیت پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرتیں، ڈاکٹر حمیرا طارق

قوموں کی تاریخ میں 6 ستمبر 1965 دفاع وطن کا شاندار مظاہرہ ہے، نازیہ توحید

یوم دفاع پاکستان کے موقع پر سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق اور ذمہ داران کا پیغام

لاہور (پ ر) سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ایک خصوصی پیغام میں مسلح افواج کی قربانیوں اور وطن کی دفاع میں ان کی بے پناہ خدمات اور بے لوث جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کا دفاع افواج پاکستان اور غیور عوام کے لیے پہلی ترجیح ہے۔ (بقیہ نمبر 54)

سرگودھا میں یوم دفاع پاکستان پورے جوش وجذبہ سے منایا گیا

کمشنر ملک جہانزیب اعوان نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں یوم دفاع پاکستان پورے جوش وجذبہ سے منایا گیا جس کے لئے ہلال استقلال لہرانے کی منعقدہ تقریب میں کمشنر ملک جہانزیب اعوان نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا۔ اور پولیس کے چاک و (بقیہ نمبر 45)

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

یوم دفاع اور ہماری ذمہ داری

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کی یوم دفاع کے موقع پر کینٹ میں یادگارشہداء پر حاضری دی اور پھول چڑھائے- وزیراعلی مریم نوازشریف نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا بھی کی- وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے یوم دفاع کے موقع پر یادگارشہداء پر حاضری کے بعد خصوصی طور پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے لئے بہت اعزاز اور فخر کی بات ہے- یوم دفاع پر آج مجھے شہداء کی یادگار پر آنے اور خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع ملا- شہداء کی فیملیز سے ملاقات کرنے کا موقع ملا اور اس باوقار تقریب میں شامل ہونے کا موقع ملا- قوم کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ بیرونی دفاع میں افواج پاکستان ایک بہت اچھا کام کررہی ہیں- افواج پاکستان جاگتی ہیں تو ہم سکون سے سوتے ہیں، ہمارے بارڈرز، فرنٹیرز اور سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں- ملک کا اندرونی دفاع ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے- شہداء ہمارے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، ان کی عزت کی حفاظت، ان کی قربانی کا احترام ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے- آج میں شہداء کی ماؤں کو خصوصا خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں، ان سے میری ملاقات بھی ہوئی ہے- یہ ایک ایسا جذبہ ہے کہ ہم اسے سوچنا چاہئیں تو اس جذبے کی عظمت کا احاطہ نہیں کرسکتے- ایک ماں اس بات کو سمجھ سکتی ہے کہ اس کا بچہ گھر سے باہر جاتا ہے، ماں انتظار میں ہوتی ہے اسکی خیریت کے لئے دعا کرتی ہے، جب بچہ آتا ہے تو ماں سکون کی نیند سوتی ہے- میں سمجھتی ہوں کہ یہ جذبہ بھی ایک ناقابل تسخیر جذبہ ہے جب ماں اپنے بچے کو میدان جنگ میں ملک کی حفاظت کے لئے بھیجتی ہے- ماں جانتی کہ وہ اسے کہاں بھیج رہی ہے اور اس کے ساتھ کیا ہوسکتا ہے، اس کو یہ پتہ ہوتا ہے کہ ایک دن اس کا جسد خاکی بھی واپس آسکتا ہے- ہمارے آفیسر اور جوان بہادری سے سرحدوں پر لڑتے ہیں- وزیراعلی مریم نوازشریف نے کہا کہ افواج پاکستان جس قربانی کے نظریے کے تحت اپنی جان کے نذرانے پیش کرتے ہیں اس جذبے کی آبیاری ماں کی گود سے ہوتی ہے- بہادری ماں کی گود سے جنم لیتی ہے، میں ان ماؤں اور والدین کی بہادری کو سلام پیش کرتی ہوں- شہداء کے خاندانوں، بچوں اور بیویوں کو سلام پیش کرتی ہوں- شہداء اوران کی فیملیز کی قربانیوں کے سامنے میں کیا بات کروں، ہمیں اپنا آپ بہت چھوٹا لگتا ہے- شہداء کی قربانیاں کسی بھی قوم کی ریڈ لائن ہوتی ہے، اسے کراس کرنا، اسے توڑنا، کسی بھی محب وطن انسان کو زیب نہیں دیتا- وزیراعلی مریم نوازشریف نے اپنی گفتگو کے اختتام پر دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی پاکستان کو سلامت رکھے اور پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگایا- پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی پیش کی- وزیراعلی مریم نوازشریف نے شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا- وزیراعلی مریم نوازشریف نے شہداء کی فیملیز سے ملاقات کی، شہداء کے بچوں سے اظہار شفقت کیا-

"تین ادارے.........تین ڈاکٹر"

تحریر: محمد سہیل رانا
ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز، حکومت پنجاب

پنجاب حکومت کے عوامی منصوبوں اور ان کی تفصیل کو میڈیا کے ذریعے عوام تک پہنچانے کی ذمہ داری جن اداروں پر ہے ان میں محکمہ تعلقات عامہ پنجاب، پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان لاہور سرفہرست ہیں- یہ ادارے حکومتی کارکردگی اور فلاحی منصوبوں کو بروقت اور بہترین انداز میں عوام الناس تک پہنچانے کا موثر ذریعہ ہیں- محکمہ تعلقات عامہ قیام پاکستان سے پہلے سے ہی عوام کو حکومت پنجاب کے منصوبوں سے باخبر رکھنے کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے جبکہ پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان لاہور بھی اپنے قیام سے لیکر اب تک اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھا رہے ہیں- گزشتہ دنوں ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ پنجاب کے عہدے کا چارج سنبھالا- انہوں نے 2006ء میں پنجاب یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سے ایم بی اے فنانس کی ڈگری حاصل کی- 2009ء میں سکول آف انوائرنمنٹ، ایجوکیشن اینڈ ڈویلپمنٹ، یونیورسٹی آف مانچسٹر برطانیہ سے ایم ایس سی کیا جبکہ 2019ء میں سکول آف پبلک افیئرز پن سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ سے پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ پالیسی میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی- وہ 19-2018ء کے دوران پنسلوینیا سٹیٹ یونیورسٹی امریکہ میں پولیٹیکل اکنامکس سسٹم، ہیلتھ سسٹم مینجمنٹ اور ہیلتھ ایڈمنسٹریشن اینڈ پالیسی کے شعبوں میں درس و تدریس سے بھی منسلک رہے ہیں جبکہ ان کے تحقیقی مقالے دنیا کے متعدد ریسرچ جنرلز میں شائع ہوچکے ہیں- ڈی جی پی آر تعینات ہونے سے قبل وہ سپیشل سیکرٹری محکمہ زراعت، ممبر ہیلتھ پی اینڈ ڈی پنجاب، سپیشل سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ، سی ای او پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی، ڈی جی فیڈمک اور ڈی جی فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے علاوہ متعدد محکموں میں اہم عہدوں پر فرائض سرانجام دے چکے ہیں- محکمہ تعلقات عامہ پنجاب میں ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سے قبل ڈاکٹر اسلم ڈوگر وہ واحد ڈائریکٹر جنرل رہے ہیں جنہوں نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کررکھی تھی-

ڈائریکٹر جنرل کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے جہاں ایک طرف مختلف میڈیا ہاؤسز کے دوروں کا سلسلہ شروع کیا اور ان کے سربراہان سے پنجاب حکومت کی میڈیا کوریج کو مزید بہتر بنانے کے لئے تبادلہ خیال کیا وہیں انہوں نے پاکستان ٹیلی ویژن لاہور کا بھی دورہ کیا- اس دورے کے دوران میں بھی ان کے ہمراہ تھا- جنرل منیجر پی ٹی وی لاہور محترم قیصر شریف سے باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کے دوران اس بات کا علم ہوا کہ قیصر شریف یونیورسٹی آف گجرات سے ماس کمیونیکیشن کی ڈگری رکھتے ہیں- انہوں نے میٹرک ڈویژنل پبلک سکول فیصل آباد جبکہ ماسٹر اور ایم فل پنجاب یونیورسٹی سے کیا- ڈاکٹر قیصر شریف نے 2005ء میں پی ٹی وی لاہور سے بطور پروڈیوسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا- ان کے کریڈٹ پر ڈرامہ سے لے کر مارننگ شوز، میوزیکل شوز اور رمضان ٹرانسمیشن کے علاوہ دیگر بے شمار پروگرامز موجود ہیں- انہیں دو دفعہ ریجنل پی ٹی وی ایوارڈ اور ایک دفعہ پی ٹی وی نیشنل ایوارڈ سے بھی نوازا جاچکا ہے- آپ لاہور سنٹر میں بحیثیت پروگرام منیجر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں- اس گفتگو میں مزید دلچسپی اس طرح پیدا ہوئی کہ دونوں اداروں کے سربراہان پی ایچ ڈی ڈاکٹر بھی تھے- اب گفتگو دلچسپ سے دلچسپ تر ہوتی گئی اور سامعین جن میں سینئر نیوز ایڈیٹر محمد شکیل ملک اور پی ٹی وی کے دیگر سینئر افسران شامل تھے بھرپور لطف اندوز ہوئے-

ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن نے ملک میں علم و اطلاعات کی فراہمی اور تفریح کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ حکومت کے فلاحی اقدامات کو عوام تک پہنچانے کا موثر ذریعہ ہے- پنجاب حکومت کے عوامی اور فلاحی منصوبوں کو بروقت عوام تک پہنچانے کے لئے محکمہ تعلقات عامہ اور پی ٹی وی کے درمیان تعاون روز بروز فروغ پا رہا ہے- ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے کہا کہ عوام کو اطلاعات اور معیاری تفریح کی فراہمی میں پاکستان ٹیلی ویژن کا کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے اور پی ٹی وی نے اپنے پروگرامز خصوصا ڈراموں کے ذریعے عوام کی کثیر تعداد کو اپنا گرویدہ بنایا ہے- جنرل منیجر پی ٹی وی لاہور ڈاکٹر قیصر شریف نے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو شعبہ نیوز، سٹوڈیوز، ٹیکنیکل ایریا، وی ٹی آر سسٹم، آرٹسٹ گیلری اور پی ٹی وی میوزیم کا دورہ کرایا اور پی ٹی وی کے پروگرامز اور آپریشنز کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں-

ایک ہفتے بعد ہی مجھے ڈی جی پی آر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کے ہمراہ ریڈیو پاکستان کے دورے پر جانے کا اتفاق ہوا- اے ڈی جی پی آر عابد نور بھٹی، ڈائریکٹر الیکٹرانک میڈیا احمد نعیم ملک بھی ہمراہ تھے- ریڈیو پاکستان لاہور کے اسٹیشن ڈائریکٹر احمر سہیل بسراء اور کنٹرولر نیوز سجاد پرویز نے ہماری ٹیم کا استقبال کیا- دوران گفتگو اس بات کا علم ہوا کہ اسٹیشن ڈائریکٹر احمر سہیل بسراء بھی ماس کمیونیکیشن میں پی ایچ ڈی ڈاکٹر ہیں- ڈاکٹر احمر سہیل بسرا نے 2002 میں ریڈیو پاکستان کے ساتھ بطور پروگرام پروڈیوسر منسلک ہوئے اور ان کی پہلی تعیناتی لاہور کے تاریخی ریڈیو سٹیشن پر ہوئی- یہاں انہوں نے پنجابی دربار اور سوہنی دھرتی جیسے اہم پروگرام تخلیق کیے- اس کے علاوہ 2017 میں بہترین ڈرامہ پروڈیوسر کا ایوارڈ حاصل کیا- انہوں نے اب تک لاتعداد ڈاکیومنٹریز، فیچرز، اور شوز پروڈیوس کیے ہیں- ریڈیو پاکستان لاہور کے علاوہ وہ ریڈیو پاکستان اسلام آباد میں بطور پروگرام منیجر اور گلگت اور سکردو میں بطور سٹیشن ڈائریکٹر تعینات رہے- انہوں نے پنجاب یونیورسٹی سے ابلاغیات میں ایم اے کیا اور پھر گجرات یونیورسٹی سے اسی مضمون میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی- اس مرتبہ بھی گفتگو ہمہ جہت اور مزید دلچسپ ہوتی گئی کیونکہ دونوں اداروں کے سربراہان کے درمیان قدر مشترک ایک بار پھر پی ایچ ڈی ڈگری تھی-

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم نے اس موقع پر کہا کہ ریڈیو آج بھی عوام تک صحت مند تفریح کے ساتھ ساتھ لحہ بہ لحہ کی صورتحال پہنچانے کا موثر ذریعہ ہے- دشمن کے خلاف جنگ ہو یا نظریہء پاکستان اور وطن سے محبت، ریڈیو پاکستان نے ہمیشہ شاندار کردار ادا کیا ہے- انہوں نے کہا کہ ہمارا آپس میں مضبوط رابطہ ہماری پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں مزید اضافہ کا باعث بنے گا- ڈی جی پی آر نے ریڈیو پاکستان کے مختلف سٹوڈیوز اور دیگر شعبہ جات کا دورہ بھی کیا- انہوں نے وہاں رکھے تاریخی ریڈیو سیٹ اور موسیقی کے آلات کو بڑی دلچسپی سے دیکھا- ڈاکٹر احمر سہیل نے کہا کہ ریڈیو پاکستان کے ڈی جی سعید احمد شیخ اور ڈائریکٹر پروگرام راحیلہ تسمیم کے ویژن کے مطابق ریڈیو کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کررہے ہیں- انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان نے شوبز اور شعروادب کی بڑی قدآور شخصیات پیدا کی ہیں- 1965ء کی جنگ ہو یا 1971ء کی، ریڈیو پاکستان نے پاک افواج کے حوصلے بلند رکھنے میں ہراول دستے کا کام کیا- اب بھی دنیا بھر کی خبریں ہوں، موسیقی ہو، کاشتکاروں کی راہنمائی ہو یا مذہبی پروگرام، ریڈیو پاکستان ہمیشہ آگے نظر آتا ہے- انہوں نے اپنے دفتر میں رکھے قدیم ریڈیو سیٹ، لائبریری اور دیگر قدیم مشینری کے بارے میں معلومات فراہم کیں- انہوں نے کہا کہ ایف ایم چینل آنے سے ریڈیو کے سامعین میں اضافہ ہوا ہے- انہوں نے کہا کہ ریڈیو پاکستان اور ڈی جی پی آر کا تعلق ہمیشہ سے مثالی رہا ہے جو ان شاءاللہ آنے والے وقتوں میں مزید مضبوط ہوگا-

محکمہ تعلقات عامہ پنجاب، پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان لاہور کی عمارتیں جغرافیائی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہیں- تینوں اداروں کی دیواریں ایک دوسرے سے متصل ہیں اور اب ایسا حسن اتفاق پیدا ہوا ہے کہ تینوں اداروں کے سربراہان پی ایچ ڈی ڈاکٹرز ہیں- یہ ایک ایسا حسن اتفاق ہے جس کی نظیر اس سے پہلے شاید ہی ملے- امید کی جاسکتی ہے کہ تینوں اداروں کے یہ پی ایچ ڈاکٹر سربراہان اپنی قابلیت کو اداروں کی فلاح و بہبود کے لئے بہترین انداز میں استعمال میں لائیں گے اور ان کی صلاحیتیں پنجاب حکومت کی بھرپور میڈیا کوریج میں مزید اضافے کا باعث بنیں گی-

سید علی ہجویریؒ کی محبت

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

شہر لاہور کی آن شان نگری داتا دی' تاریخ تصوف کے سب سے بڑے بزرگ سید علی ہجویریؒ کے عرس مبارک پر میں بھی دیوانوں پروانوں کی قطاروں سے گزرتا ہوا آخر کار شہنشاہ لاہور سید علی ہجویریؒ کے مزار اقدس کے بلکل سامنے پہنچ گیا تھا مزار سے ملحقہ وسیع وعریض پرشکوہ مسجد کا صحن زائرین دیوانوں کے ہجوم سے لبالب بلکہ ابل رہا تھا دنیا جہاں اور پاکستان کے چپے چپے سے دیوانے ایک غیر مرئی ریشمی زنجیر میں بندھے غلاموں کی طرح مزار اقدس کے اطراف میں لہروں کی طرح حرکت میں تھے جو قریب تھے وہ اپنی قسمت پر رشک کر رہے تھے جو فاصلے پر تھے وہ اپنی نظروں سے باطن کے نہاں خانوں کے بعید ترین گوشوں کو روحانی سرشاری سے ہمکنار کر رہے تھے جو اور بھی دور تھے وہ اِسے نشاط انگیز سرور میں غرق تھے کہ اُس دیوانوں کے سمندر کا حصہ ہیں جو اپنے مرشد کو سلام عقیدت پیش کرنے آئے تھے لوگ ہاتھوں میں پھولوں موتیے کے گجروں کے ساتھ سر پر گلاب کے ٹوکرے اٹھائے اپنے لجپال کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے آئے تھے جو مسجد اور مزار کے احاطے میں داخل ہو جاتے وہ فاتح عالم کے جزبے سے سرشار ہو جاتے جب کے ہم مزار اقدس کے اطراف بڑھ رہے تھے تو میلوں دور مختلف شہروں دیہاتوں قصبوں محلوں گلیوں سے دیوانوں کے جلوس مختلف ٹولیوں قطاروں میں زری ریشمی چادروں پھولوں مٹھائی کے ٹوکروں کے ساتھ دھمال ڈالتے ہوئے شہنشاہ کے مزار کی طرف بڑھ رہے تھے میں خوشگوار حیرت سے اِن دیوانوں کو دیکھ رہا تھا جو میلوں دور پیدل اپنے مسیحا کی طرف سر جھکائے غلاموں کی طرح بڑھ رہے تھے سید علی ہجویریؒ جو اِس شہر کا بھی نہیں تھا یہاں سے سینکڑوں میل دور محلہ ہجویر سے مرشد کے حکم پر تقریبا ہزار سال ہونے کو آیا پیدل اِس شہر لاہور کا مقدر سنوارنے آکر جلوہ گر ہو جاتا ہے مسجد بنائی لنگر لگایا اور بچوں کو قرآن مجید کی تعلیم دینا شروع کردی نہ اولاد نہ بیوی نہ رشتہ دار اکیلا درویش خدمت خلق کے عظیم مشن پر گامزن ہو جاتا ہے جب اِس دنیا فانی سے گیا تو نہ وراثت نہ اولاد نہ رشتہ دار لیکن ہزاروں عقیدت مندوں کو چھوڑ گیا پھر قافلہ شب و روز کا بے راس گھوڑا چلتا رہا صدیوں پر صدیاں کروٹ لیتی چلی گئیں بادشاہ گورنر جاگیر دار دولت مند آئے گئے مٹی کی چادر پہنتے چلے گئے گمنامی کی غار میں بے نام ہو چلے گئے لیکن عشق الٰہی میں رنگا یہ لجپال ایسا کہ صدیوں کا غبار جس کی شہرت کو دھندلا تو دور کی بات یہ گزرتے دن کے ساتھ نکھارتا چلا گیا وقت کی بے نیازی اِس درویش باکمال کا کچھ نہ بگاڑ سکی بلکہ شہرت دیوی ہر گزرتے دن کے ساتھ اور بھی مہربان ہوتی چلی گئی اہل دنیا شہرت اور امر رہنے کے لیے اشتہار بازی کرتے ہیں سخاوت کے ڈرامے رچاتے ہیں لیکن یہ بے نیاز درویش نہ اولاد نہ اشتہار بازی نہ ڈرامے بازیاں لیکن سینکڑوں سال گزرنے کے باوجود دیوانوں کی دیوانگی میں اور بھی شدت آتی جارہی ہے دیوانوں کا جنون عشق بڑھتا چلا جارہا ہے ہر سال جب بھی شہنشاہ کا عرش مبارک آتا ہے تو اشتہار بازی نہیں ہوتی لیکن دیوانے سارا سال عرس مبارک کا انتظار کرتے ہیں اور پھر عرس والے دن اپنے اپنے انداز سے اپنی محبت کا ظہار کرتے ہیں روحانیت کے منکرین کو میرے الفاظ بلکل بھی اچھے نہیں لگے گیں کہ یہ کیا بات ہوئی ایک شخص دنیا سے چلا گیا صدیاں گزر گئیں لیکن آج بھی کروڑوں دلوں پر حکمرانی کررہا ہے تو اِس کا جواب یہ ہے کہ یہ وہ بزرگ ہیں جنہوں نے ساری زندگی الٰہی رنگ عبادت عقیدت میں گزاری ہر سانس خدا کی مرضی کے مطابق گزاری ساری زندگی وہی کیا جو حق تعالیٰ کا فرمان تھا اِس طویل ریاضت کا پھر رب تعالیٰ انعام دیتے ہیں کہ صدیوں کو اِن کا غلام بنا دیتے ہیں آنے والے انسانوں کے دلوں کو اِن کی محبت سے بھر دیتے ہیں ہر آنے والا دن اِن کی محبت شہرت میں اضافہ کرتا چلا جاتا ہے جب یہ باکمال لوگ اِس دنیا میں عشق الٰہی میں بقا کا جام پی کر عرفانی ہو جاتے ہیں اِن کے وجود کثافت سے لطافت میں ڈھل جاتے ہیں تو پھر اِن کے منہ سے بلھے شاہؒ کے عشق کے جام وارث شاہؒ سے ہیر رانجھے کی پرسوز صدائیں میاں محمد بخشؒ سے رشتوں محبتوں کے موتی بکھرتے ہیں شاہ حسینؒ سے راتوں کے ویرانے جگمگاتے ہیں بابا فریدؒ روحوں کو سرشار کرتے ہیں مولانا روم حکمت کے سمندر بہاتے نظر آتے ہیں غزالیؒ دانش و حکمت کے چراغ روشن کرتے ہیں جو لوگ اِن باکمال درویشوں کو جاہل قرار دیتے ہیں وہ درج بالا بزرگوں کے افکار سے آشنا ہوں تو انہیں پتہ چلے کہ یہ کیسے باکمال لوگ تھے جو الٰہی رنگ میں رنگنے کے بعد عرفانی ہو کر دانش و حکمت کے چشمے چلا کر چلے گئے ایسے معرفت کے چشمے جن سے کروڑوں لوگوں نے فیض پایا اور قیامت تک یہ عمل جاری رہے گا میرے سامنے بھی سید علی ہجویریؒ کا چشمہ معرفت ابل رہا تھا میں بت بنا شہنشاہ کے مزار کی طرف دیکھ رہا تھا کہ کسی نے آکر میرے کندھے پر ہاتھ رکھا میں نے دیکھا باجی ہاجرہ عقیدت بھری نظروں سے میری طرف دیکھ رہی تھی بولی سر آپ بھی عرس پر آئے ہوئے ہیں میری بوڑھی ماں بھی آئی ہیں آ آپ کو ان سے ملاتی ہوں میں رش کی بھیڑ سے اُس کے ساتھ اُس کی ماں تک آ گیا وہ دیوانے کے ساتھ وہیل چئیر پر مزار کی طرف ٹکٹکی باندھے عقیدت کا بت بنی ہوئی تھیں میں جا کر سلام کیا تو ہاجرہ بولی سر اِن کو فالج ہوا ہے بول نہیں سکتیں یہ پچھلے ساٹھ سال سے لگاتار عرس مبارک پر آرہی ہیں ہر جمعرات کو ننگے پاؤں گھر سے نیاز کا دیگچہ بنا کر لاتی تھیں کچھ عرصہ سے فالج کی وجہ آدھا جسم اور زبان پتھر کے ہو گئے ہیں لیکن اِن کی خواہش اور عقیدت کو دیکھتے ہوئے میں اِن کو وہیل چئیر پر لائی ہوں میں ماں جی کے قدموں بیٹھ گیا اِن کے بے جان ہاتھ کو پکڑا اور کہا ماں جی آپ داتا جی کو سلام کرنے آئی ہیں آپ سرکار سے بہت عشق کرتی ہیں وہ بھی آپ سے پیار کرتے ہیں میں سید علی ہجویریؒ کی باتیں کررہا تھا ماں کی دھندلی آنکھیں روشن ہو رہی تھیں پھر اِن کی آنکھیں سے عقیدت کے موتی جھڑنے لگے وہ ایسے لجپال کو عقیدت کے موتی پیش کر رہی تھیں میں دیوانوں کے سیلاب کو دیکھ رہا تھا کہ کس طرح ہر دیوانہ اپنی محبت کا اظہار اپنے ہی انداز سے پیش کر رہا تھا اور یہ محبت کا اظہار اپنے ہی انداز سے پیش کر رہا تھا اور یہ محبت کا یہ اظہار کا سلسلہ قیامت تک اسی طرح جاری وساری رہے گا-

SHOWBIZ شوبز

وانی کپور کی فواد خان کیساتھ آنیوالی فلم پر خاموشی برقرار

وانی کپور جلد فواد خان کے ساتھ فلم میں مرکزی کردار نبھاتی ہوئی دکھائی دیں گی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ وانی کپور نے پاکستانی سپر اسٹار اداکار فواد خان کے ساتھ نئی فلم پر کام کے حوالے سے خاموشی برقرار رکھتے ہوئے ان کے اداکاری کی خوب تعریف کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ فواد خان کے ڈرامے آن لائن دیکھا کرتی تھی، مجھے ان کا کام بہت پسند ہے۔ حال ہی میں بھارتی اداکارہ نے بی بی سی ایشیاء کو انٹرویو دیا ہے، جس میں انہوں نے اپنے آنے والی مختلف پروجیکٹس کے حوالے سے بات کی۔

عامر خان کی فلم "ستارے زمین پر" 20 دسمبر 2024 کو ریلیز ہوگی

عامر خان فلم انڈسٹری کے کاروبار سے متعلق ایک اہم تبدیلی کی منصوبہ بندی کررہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے 'مسٹر پرفیکشنسٹ' عامر خان نے مستقبل میں ریلیز ہونے والی اپنی فلموں کے ڈیجیٹل رائٹس سے متعلق اہم فیصلہ کر لیا۔ بھارتی میڈیا نے ذرائع کا حوالہ دے کر بتایا کہ عامر خان فلم انڈسٹری کے کاروبار سے متعلق ایک اہم تبدیلی کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ عامر خان اپنی مستقبل کی فلموں کے ڈیجیٹل رائٹس فروخت نہ کرنے پر غور کر رہے ہیں جس کا مقصد تھیٹر میں ریلیز کو ترجیح دینا ہے۔ دراصل عامر خان کا وژن ہے کہ وہ 12 یا اس سے زائد ہفتوں کیلیے اپنی فلموں کو سینما گھروں کیلیے مخصوص رکھیں۔

ہانیہ عامر نے اُن کی نازیبا ویڈیوز پھیلانے والے بھارتی کو پکڑلیا

ہانیہ عامر نے وہ سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی ڈھونڈ نکالا جو اداکارہ کی ڈیپ فیک ویڈیوز بنا کر شیئر کررہا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم و ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ و ماڈل ہانیہ عامر نے اُن کی نازیبا ڈیپ فیک ویڈیوز بنانے کر وائرل کرنے والے بھارتی انسٹاگرام اکاؤنٹ کو ڈھونڈ نکالا۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ہانیہ عامر کی چند ڈیپ فیک بولڈ ویڈیوز وائرل ہوئی تھیں، مذکورہ ویڈیوز آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) کی مدد سے تیار کی گئی تھیں، ویڈیو میں نظر آنے والی لڑکی کا چہرہ ہانیہ عامر سے ملتا جلتا تھا، جس کے بعد مداح یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ یہ ویڈیو اداکارہ کی ہیں۔ نازیبا ویڈیوز کی خبر جیسے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو ہانیہ عامر نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری میں واضح کیا کہ مذکورہ ویڈیوز اُن کی نہیں بلکہ جعلی ہیں۔ اس وضاحتی بیان کے بعد، ہانیہ عامر نے وہ سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی ڈھونڈ نکالا جو اداکارہ کی ڈیپ فیک ویڈیوز بنا کر شیئر کررہا تھا۔ ہانیہ عامر نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل کی اسٹوری میں 'انوریت سندھو' نامی انسٹاگرام اکاؤنٹ کا اسکرین شاٹ شیئر کیا جس کے فالوورز کی تعداد 22 ہزار 400 تھی جبکہ یہ اکاؤنٹ بھارتی شہری کی جانب سے بنایا گیا۔

ہنی سنگھ کو دوبارہ کامیاب ہوتا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، گلوکار بادشاہ

ممبئی (این این آئی) مشہور ریپر و گلوکار بادشاہ نے ریپر یو یو ہنی سنگھ سے متعلق کہا ہے کہ انہیں ہنی سنگھ کو دوبارہ کامیاب ہوتا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ بادشاہ اور ہنی سنگھ کے درمیان اختلافات کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں لیکن اب لگتا ہے کہ بادشاہ ان اختلافات کو بھلا کر آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں بادشاہ نے ہنی سنگھ کی میوزک انڈسٹری میں واپسی پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ انہیں ہنی سنگھ کو دوبارہ کامیاب ہوتا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ ایک پوڈکاسٹ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے بادشاہ کا کہنا تھا کہ جو کچھ ہنی سنگھ کے ساتھ ہوا یہ سب افسوسناک ہے۔ میرے ذاتی مسائل نے مجھے متاثر کیا لیکن میں نے انہیں اپنے پیشہ ورانہ زندگی پر اثر انداز نہیں

طلاق کے بعد پاکستان اس لیے نہیں آئی لوگ طعنے دیں گے، ثمن انصاری

میں نے دوسری شادی اس وقت کی تھی جب بیٹا آیان 12 سال کا تھا، سینئر اداکارہ کی گفتگو

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ ثمن انصاری کا کہنا ہے کہ طلاق کے بعد پاکستان اس لیے نہیں آئیں کہ لوگ انہیں طعنے دیں گے۔ اداکارہ ثمن انصاری نے حال ہی میں پوڈکاسٹ میں شرکت کی اور کیریئر سمیت نجی زندگی اور طلاق سے متعلق اظہار خیال کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جب وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کینیڈا گئیں تو وہاں ان کے نانا اور نانی نے ان کی شادی کروادی، پہلی شادی 16 سال تک چلی لیکن بعد میں طلاق ہوگئی۔ اداکارہ کے مطابق شادی اور پڑھائی کے دوران کبھی وہ امریکا تو کبھی کینیڈا منتقل ہوتی رہیں۔

عرفی جاوید نے زندگی کے نئے خواب کا تذکرہ کردیا

میں تو بھارت کی سب سے بڑی ریئلیٹی ٹی وی اسٹار بننا چاہتی ہوں، انٹرویو

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اور سوشل میڈیا پرسنالٹی عرفی جاوید نے اپنی زندگی کے نئے خواب کا تذکرہ کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق عرفی جاوید نے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ بالی ووڈ اب میرا خواب نہیں، میں تو بھارت کی سب سے بڑی ریئلیٹی ٹی وی اسٹار بننا چاہتی ہوں۔ سوشل میڈیا پرسنالٹی نے مزید کہا کہ میرے عزائم بالی ووڈ کی چمک دمک سے آگے بڑھ گئے ہیں، میں سوشل میڈیا بھارت کی سب سے بڑی ریئلیٹی ٹی وی اسٹار بننے کی کوشش کررہی ہوں۔ عرفی جاوید جو فی الحال پرائم ویڈیو ریئلیٹی سیریز فالو کرلو یار میں نظر آرہی ہیں، نے کہا کہ بالی ووڈ اور ٹی وی انڈسٹری میں جگہ بنانے کے روایتی راستے میری خواہشات کی تکمیل سے مطابقت نہیں رکھتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج ہمارے پاس بہت سے کیریئر آپشنز ہیں، جن سے ہم لاعلم تھے، جن میں داخلہ ناممکن تھا یا ہم نے اُن کے متعلق کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔

امیتابھ بچن خاندان کی فیملی کی مجموعی دولت 1600 کروڑ روپے ہے

جب مر جاؤں گا تو بچوں میں جائیداد کیسے تقسیم ہوگی؟ امیتابھ نے انٹرویو میں بتادیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے شہنشاہ امیتابھ بچن نے ایک بار بتایا تھا کہ ان کی موت کے بعد ان کی جائیداد کی تقسیم کیسے ہوگی۔ گزشتہ کچھ ماہ سے ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے کے درمیان طلاق کی افواہیں سرگرم ہیں، اس دوران بھارتی میڈیا پر بچن خاندان سے متعلق خبریں بھی زیر گردش رہیں جب کہ اب سوشل میڈیا پر امیتابھ کا 2011 میں دیا گیا انٹرویو زیر بحث ہے۔ امیتابھ بچن نے کئی سال پہلے دیے گئے انٹرویو میں بتایا تھا کہ میں نے اپنی جائیداد کو اپنی بیٹی شویتا بچن نندا اور بیٹے ابھیشیک بچن کے درمیان برابر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

SPORTS سپورٹس



نامور کرکٹر عبدالقادر خان کی پانچویں برسی منائی گئی

لاہور (این این آئی) نامور کرکٹر عبدالقادر خان کی پانچویں برسی جمعہ کو منائی گئی۔ اس موقع پر ان کے اہل خانہ کی طرف سے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ معروف کرکٹر منفرد سپن باؤلر تھے اور گوگلی ماسٹر کے طور پر جانے جاتے تھے، عبدالقادر 15 ستمبر 1955 کو لاہور میں پیدا ہوئے انہوں نے 67 ٹیسٹ میچوں اور 104 ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ عبدالقادر خان 1977ء سے 1993ء تک قومی ٹیم کا حصہ رہے، انہوں نے پہلا ٹیسٹ میچ 14 دسمبر 1977 کو انگلینڈ اور آخری ٹیسٹ میچ 6 دسمبر 1990ء کو ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلا، فرسٹ کلاس کرکٹ میں بھی وہ حبیب بنک کی نمائندگی کرتے رہے، 6 ستمبر 2019 کو ان کا لاہور میں 63 برس کی عمر میں انتقال ہوگیا۔

اہلیہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جڈیجا نے سیاست میں قدم رکھ دیا

حکمراں جماعت بی جے پی کی رکن اور انکی اہلیہ ریوابا نے کرکٹر کی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے ایک اور آل راؤنڈر رویندرا جڈیجا نے بھی اہلیہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سیاسی میدان میں قدم رکھ دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کو ٹی 20 ورلڈکپ جتوانے والی ٹیم کے رکن رویندرا جڈیجا نے بھارت کی حکمراں جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو جوائن کرلیا۔ جڈیجا کی سیاست میں شمولیت کا اعلان بھارتی آل راؤنڈر کی اہلیہ ریوابا جڈیجا نے کیا، جو خود بی جے پی کی رکن پارلیمنٹ ہیں۔ آل راؤنڈر کی اہلیہ ریوابا گجرات کے شہر جام نگر سے بی جے پی کی ایم ایل اے منتخب ہوئیں، وہ سال 2022 میں رکن پارلیمنٹ ہوئیں تھیں۔ قبل ازیں کرتی آزاد، محمد اظہر الدین، نوجوت سنگھ سدھو، محمد کیف، چیتن چوہان، ونود کامبلی اور منوج پربھاکر سمیت کئی بھارتی کرکٹرز سیاست کا رخ اختیار کرچکے ہیں۔ سب سے پہلے سیاست کے میدان میں آنے والے بھارتی کرکٹر سابق کپتان نواب منصور علی خان پٹودی تھے۔

پاکستانی کرکٹرز کا فٹنس ٹیسٹ لاہور سے فیصل آباد منتقل

میٹورز نے تجویز دی، قومی کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ اب 7 اور 9 ستمبر کو ہوں گے

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان کے ٹیسٹ اسکواڈ اور پی سی بی سینٹرل کنٹریکٹ میں شامل کھلاڑیوں کا فٹنس ٹیسٹ آخری دن لاہور سے فیصل آباد منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ون ڈے کپ کے لیے تمام کھلاڑیوں کی فیصل آباد میں موجودگی کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ قومی کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ اب 7 اور 9 ستمبر کو ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے چیمپئنز ون ڈے کپ کی ٹیموں کے میٹورز کی جانب سے فیصل آباد میں فٹنس ٹیسٹ لینے کی تجویز سامنے آئی تھی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے میٹورز کی تجویز مانتے ہوئے یہ فیصلہ لیا۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق چیمپئنز ون ڈے کپ کے لیے کھلاڑیوں کو کل تک رپورٹ کرنا ہے۔



نیوزی لینڈ ٹیم کے لیے ایشین کنڈیشنز کا تجربہ رکھنے والے نئے کوچز مقرر

سری لنکا کے سابق اسپنر رنگنا ہیراتھ ایشیا میں 3 ٹیسٹ میچز کے لیے اسپن بولنگ کوچ مقرر کئے گئے

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے لیے ایشین کنڈیشنز کا تجربہ رکھنے والے کوچز کی خدمات حاصل کر لی گئیں۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق سری لنکا کے سابق اسپنر رنگنا ہیراتھ ایشیا میں 3 ٹیسٹ میچز کے لیے اسپن بولنگ کوچ مقرر کیے گئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کا کہنا ہے کہ رنگنا نے پاکستان کے ثقلین مشتاق کی جگہ لی ہے، ثقلین مشتاق پاکستان کرکٹ بورڈ میں پوزیشن سنبھالنے پر دستبردار ہوئے۔ کرکٹ نیوزی لینڈ نے مزید بتایا کہ بھارت کے سابق بیٹنگ کوچ وکرم راٹھور افغانستان کے خلاف ٹیسٹ میچ کے لیے کوچنگ اسٹاف میں شامل کیے گئے ہیں۔ یاد رہے کہ نیوزی لینڈ اور افغانستان کی ٹیموں کے درمیان واحد ٹیسٹ بھارت کے شہر نوائیڈا میں پیر سے کھیلا جائے گا جب کہ نیوزی لینڈ نے سری لنکا میں 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنی ہے جس کا پہلا ٹیسٹ میچ 18 ستمبر سے گال میں کھیلا جائے گا۔

کرسٹیانو رونالڈو کے کیریئر کے 900 گول مکمل

رونالڈو نے اب تک قومی ٹیم پرتگال کے لیے 131، ریال میڈرڈ کے لیے 450، مانچسٹر یونائیٹڈ کے لیے 145 گول کئے

لزبن (این این آئی) پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے نیشنز لیگ میں کروشیا کے خلاف کھیلتے ہوئے اپنے کیریئر کا 900 واں گول کر لیا۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اسٹاڈیو دا لوز میں میچ کے دوران اپنی ٹیم پرتگال کو کروشیا کے خلاف 34 ویں منٹ میں اپنے کیریئر کا 900 واں گول کر کے 2-0 سے کامیابی دلوائی۔ 39 سالہ کھلاڑی اپنے فٹبال کیریئر کا یہ نیا سنگ میل عبور کرنے کے بعد جذباتی نظر آئے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اب تک اپنے کیریئر میں قومی ٹیم پرتگال کے لیے 131، ریال میڈرڈ کے لیے 450، مانچسٹر یونائیٹڈ کے لیے 145، جوونٹس کے لیے 101، اپنے موجودہ کلب النصر کے لیے 68 اور ساتھ ہی اپنے پہلے کلب اسپورٹنگ لزبن کے لیے 5 گول کیے ہیں۔ ارجنٹینا کے لیونل میسی اپنے کیریئر میں 859 گولز کے ساتھ فٹبال کی تاریخ میں اب تک سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر ہیں۔



اسکاٹ لینڈ کے اسپنر ایک بار پھر متنازع انداز میں وکٹ سے محروم

اچانک جوش لٹل وکٹ کے سامنے سے ہٹ گئے، بال نے اسٹمپس اڑادیں

سڈنی (این این آئی) اسکاٹ لینڈ کے اسپنر مارک واٹ کو ایک بار پھر متنازع انداز میں وکٹ سے محروم کردیا گیا، یہ واقعہ آسٹریلیا سے پہلے ٹی 20 کے دوران پیش آیا جب انہوں نے امپائر کے قریب سے گیند کی۔ مارک واٹ کے ہاتھ سے نکلنے کے بعد اچانک جوش لٹل وکٹ کے سامنے سے ہٹ گئے، جس پر بال نے اسٹمپس اڑادیں۔ امپائر ڈیوڈ میک لین نے اسے ڈیڈ بال قرار دے دیا، اسی طرح کا واقعہ بعد میں بھی ہوا، تب بھی بولر مارک واٹ تھے، اس بار بھی ڈیڈ بال قرار دیے جانے پر کراوڈ کی جانب سے ہوٹنگ بھی ہوئی۔ اس سے قبل جون میں عمان کے خلاف میچ میں بھی اسی قسم کی ڈیلوری پر حریف بیٹر کے ہٹنے اور مڈل اسٹمپ اکھڑنے کے باوجود امپائر نے ڈیڈ بال قرار دے دی تھی، اس طرح ان کی 'لانگ بال' ڈیلوری سے متعلق قوانین زیر بحث آ گئے ہیں۔

بقیہ 1

بچوں نے اچھی پرفارمنس دکھائی ہے ، اساتذہ جنہوں نے ان بچوں کو اس پروگرام کے لیے تیار کیا، مس صدف راجپر ، مس اقصیٰ شیخ ، مس مہرالنساء، سیدہ شگفتہ شاہ، مس دعا شاہ اور حامد علی شاہ کی کارکردگی بھی قابل تعریف ہے۔ اس موقع پر طلباء غلام حسین شاہ، محمد زین ٹانوری، سید بشارت علی شاہ، ابوبکر ٹانوری، عتیقہ خاصخیلی، سیدہ صنم شاہ، غلام سکینہ راجپر ، نتاشہ شینو ، یسرا، زنیرہ، طیبہ کا کیپوٹو ، وجیہہ لاشاری اور دامن علی شر نے تقاریر اور ٹیبلوز میں حصہ لیا۔ آخر میں معروف شاعر اور کالم نگار وشال امیر نے طلباء میں انعامات تقسیم کیے۔

بقیہ 2

حمایت میں نعرے درج تھے، واک کے شرکاء نے ورکشاپ سے مری روڈ تک واک کی اور پاک فوج اور شہداء کے حق میں بھرپور نعرے لگائے گئے، واک کے اختتام پر ملکی سلامتی و ترقی کیلئے دعا بھی کروائی گئی، یوم دفاع کی تقریبات کیلئے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے شہر بھر میں بھرپور صفائی آپریشن کیا، ورکرز سارا دن فیلڈ میں موجود رہے اور ساتھ ساتھ صفائی یقینی بناتے رہے، جبکہ دن کے اختتام پر ورکرز نے مکمل صفائی کر کے شہر کو پھر سے زیرو ویسٹ کر دیا، جمعہ اور یکم ربیع الاول کی مناسبت سے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے سی ای او رانا ساجد صفدر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں شہر بھر کی مساجد اور ملحقہ علاقوں کی صفائی کر کے چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا یہ سلسلہ 12 ربیع الاول کے دن تک یونہی جاری رہے گا اور زیرو ویسٹ سٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا

بقیہ 3

نکالتے ہیں یہ تماشہ لگا ہوا ہے۔ پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ فوج کی عزت و توقیر پر حملے سے بڑا کوئی قبیح جرم نہیں، کارکنوں کو جتھوں میں تبدیل کر کے ایک ہی دن 29 ملٹری تنصیبات پر حملہ کرنا یہ جامع حملہ منصوبہ بندی کے بغیر ممکن نہیں ۔ کچہری چوک سے عدلیہ کی حمایت میں ریلی کے نام پر لوگ انہی راستوں سے نکل کر پہنچے تھے، تین تین روٹس ترتیب دیتے ہیں، انہیں پتہ ہوتا ہے کون سے راستے کور کمانڈر ہاؤس جاتے ہیں، ریڈیو پاکستان پشاور میں آزادی کا سب سے بڑا نشان تھا جسے جلا کر راکھ کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وجوہات تلاش کرنا میرا کام نہیں ہے میں آپ کو پوزیشن بتا رہا ہے کہ ملک، عدالت، معیشت اور سیاست کے خلاف جو تانے بانے بنے گئے وہ 2014 سے چلتے چلتے 2024 تک آگئے اور آپ حق سچ بات کرنے سے خاموش ہیں، کبھی آپ انسانی حقوق کبھی آپ بنیادی انسانی حقوق کے پیچھے چھپ جائیں۔

بقیہ 4

اور اس کے ساتھیوں نے 2018ء میں رینجرز اہلکار فواد حسین کو شہید کیا تھا۔ ایس ایس پی سٹی عارف عزیز نے یہ بھی بتایا ہے کہ اس سے قبل بھی ملزم 10 سے زائد مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکا ہے۔

بقیہ 5

کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پاک افواج ہمہ وقت تیار ہیں۔ 6 ستمبر 1965 رات کے اندھیرے میں حملہ کرنے والے بزدل دشمن کو پاک فوج نے دندان شکن جواب دے کر جرات و جوانمردی کی ایک ناقابل فراموش داستان رقم کی۔ انہوں نے کہا کہ زندہ قومیں اپنے محسنوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں۔ یوم دفاع کے سلسلے میں پنجاب کالج کی اس تقریب کا انعقاد شہدائے وطن سے محبت کا عکاس ہے۔ پنجاب کالج ملک میں معیاری تعلیم کے فروغ کے ساتھ ساتھ قومی تقاضوں کو بھی احسن طریقے سے نبھا رہا ہے جو لائق ستائش ہے۔ مہمان اعزاز ائیر کموڈور ریٹائرڈ آفتاب قریشی نے کہا کہ 1965 کی جنگ پاک فوج کے عزم و ہمت اور عوام کے صبر و استقامت کا عملی اظہار تھا۔ ہماری عسکری طاقت نے یہ ثابت کیا کہ وہ ناقابل تسخیر ہے۔ انہوں نے تعلیم کے شعبے میں پنجاب کالج کی کاوشوں کی بھی تعریف کی۔ پنجاب کالج کے ڈائریکٹر چوہدری محمد اکرم نے یوم دفاع کی تقریب کے شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کو یاد رکھنا ہماری قومی ذمہ داری ہے۔ تقریب میں کالجز کے طلباء نے یوم دفاع کی مناسبت سے اپنے فن کا مظاہرہ بھی کیا۔ تقریب میں بریگیڈیئر افتخار، بریگیڈیئر سلیم نواز، بریگیڈیئر شاہد اور پنجاب کالج برائے خواتین کی پرنسپل حرا چوہان سمیت دیگر نامور شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 6

سکول ٹیچر توقیر نے اس کے بیٹے کو ڈنڈوں سے مارا، گوجر خان پولیس نے متاثرہ طالب علم کے والد کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے سکول کے معلم توقیر کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، اساتذہ مستقبل کے معمار ہیں، بچوں پر تشدد ناقابل برداشت اور قابل تعزیر جرم ہے۔

بقیہ 7

کوآرڈینیٹر ملک عثمان مانی اور منیر ساون صاحب نے مشاعرے میں اپنا کلام سنا کر شعرائے کرام سے بے حد داد وصول کی۔ اس موقع پر شارق عزیز میاں اعوان، ملک عثمان مانی اور منیر ساون صاحب کو عبدالمجید خان ویلفیئر کی جانب سے اعزازی شیلڈز سے نوازا گیا۔ ایم ڈی سون ویلی لٹریری سوسائٹی شارق عزیز میاں اعوان نے مشاعرے کی انتظامیہ کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ اس پلیٹ فارم سے اسی نوعیت کے پروگرام آئندہ بھی منعقد ہونے چاہئیں۔

بقیہ 8

والی اس جنگ میں ثابت ہوا کہ جنگیں ریاستی عوام اور فوج متحد ہو کر لڑ اور جیت سکتی ہیں۔ پاکستان کو آج اندرونی اور بیرونی سطح پر کئی چیلنجز کا سامنا ہے جس کے لیے پاک فوج اپنا کردار بہترین طریقے سے ادا کر رہی ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاک فوج کی قربانیاں لازوال ہیں۔ افواج کے سپوت اپنا آج قوم کے کل یعنی ملک کے تابناک مستقبل کے لیے قربان کر رہے ہیں۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل سجاد حسین نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن قوم اور افواج پاکستان کے لیے قابل فخر دن ہے۔ یہ دن ہمیں جنگ ستمبر کے شہیدوں اور غازیوں کی یاد دلاتا اور وطن عزیز کے دفاع کے لیے تجدید عہد وفا کا تقاضا کرتا ہے۔ تاریخی اعتبار سے چھ ستمبر کا دن ہماری بہادر افواج کی بہادری، جرات، عزم صمیم اور ایثار و قربانی کا استعارہ بن چکا ہے۔

بقیہ 9

کیصدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات شاہزیرہ مریم اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات شاہزیرہ مریم نے بریفنگ دی۔ اجلاس میں طے پایا کہ خصوصی اینٹی سموگ کمیٹیاں اور سکواڈز بنائے جائیں گے جو سموگ کے خاتمے کے لیے اقدامات کریں گے۔ اس کے علاوہ ایسے اقدامات کیے جائیں گے کہ موٹروے کے ارد گرد گرانی سخت کی جائے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ مزید براں فصلوں کی باقیات جلانے اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں پر بھی پابندی ہوگی اور ایسے اقدامات اٹھائے جائیں گے جو ماحول دوست ہوں گے اور سموگ کے خاتمے کیلئے مددگار ثابت ہوں گے۔

بقیہ 10

نے بھی شرکت کی جلسہ میں شریک قومی عوامی تحریک کے سربراہان نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کہ انتظامیہ کے آشیرواد سے شہر میں زہریلا کیمیکل جیسے بیماری شہر میں بیچی جا رہی ہے امن امان کی صورتحال بدتر ہوگئی ہے انتظامیہ نے مسلح افراد کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے کندہ کوٹ کی عوام امن کے لئے ترس رہے ہیں مظاہرہ کرنے والوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں امن بحال کیا جائے اور اس زہر نما کیمیکل فیکٹریوں کو بند کیا جائے تاکہ عوام اس موذی مرض سے بچ سکے

بقیہ 11

مختلف مکتبہ فکر کے علماء کرام نے مطالبہ کیا کہ 12 ربیع الاول بہترین انداز میں منانے کے لیے شہر بھر سے کوڑے کچرے کو ہٹایا جائے جلوس کی گزرگاہوں پر صفائی کا بہترین انتظام کیا جائے منعقد ہونے والے میلاد کے وقت لوڈشیڈنگ نہ کی جائے جس پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ علمائے کرام کے تمام مسائل حل کئے جائیں گے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت جاری کی کہ اپنے اپنے تعلقہ کے اندر 12 ربیع الاول میں جلوس اور میلاد کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیں علمائے کرام سے مخاطب ہوتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ 12 ربیع الاول کا دن عظیم الشان دن ہے یہ دن امن اور یکجہتی کے ساتھ منایا جائے ڈپٹی کمشنر نے سیپکو کو عملے کو ہدایت دی کہ وہ 12 ربیع الاول دن لوڈشیڈنگ نہ کی جائے تعلقہ ایڈمنسٹریٹر اور ٹی ایم او کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ جلوس کی گزرگاہوں پر صفائی کے انتظامات مکمل کیے جائیں شہر بھر سے کوڑے کچرے کو شہر سے ہٹایا جائے۔ اجلاس میں مختلف مکتبہ فکر کے علما، پولیس، رینجرز اور صحت کے بالا افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 12

پیش کرنے کے بعد گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کے طلباء نے 6 ستمبر کے حوالے سے ملی نغمے پیش کی اور خون کو گرما دینے والی تقاریر بھی کیں مقررین میں پرنسپل عاصمہ شیرازی کا کہنا تھا کہ 6 ستمبر پاکستان کی خاطر جان قربان کرنے والے شہداء کی یاد تازہ رکھنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ تاکہ آنے والی نسلوں پہ یوم دفاع کی اہمیت واضح کی جائے۔ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول چوآ سیدن شاہ کے پرنسپل امجد علی ملک نے اپنے خطاب میں کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو بزدل دشمن نے رات کی تاریکی میں ہمارے وطن پہ حملہ کیا لیکن ہماری بہادر فوج نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیا تقریب کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ شیخ حماد حامد کا اس موقع پر کہنا تھا کہ یوم دفاع منانے کا مقصد اپنے دشمنوں کو واضح پیغام دینا ہے کہ ہم آج بھی متحد ہیں۔ ملک کا ہر شہری ہر محاذ پر پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے ہماری پاک فوج ملک پاکستان کے دشمنوں کو چاہے وہ اندرونی ہو یا بیرونی شکست دینے کی پوری طرح صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ 13

اور پی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر آفس سے گھنٹہ گھر تک ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں وفاقی اور صوبائی محکموں کے افسران اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میں موجود شرکاء نے اپنے ہاتھ میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر پاکستان اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے بلند کیے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے شرکہ کا کہنا تھا کہ 6 ستمبر یوم دفاع قومی دن کے تحت جوش و جذبے سے منایا جاتا ہے۔ اس خاص دن پر 1965 کی جنگ میں پاکستانی فوج کی بہادری اور قربانیوں کی یاد میں شہداء کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے جو کہ ایک تاریخ ہے جس میں بھارت کو عبرت ناک شکست ہوئی آج کے دن پاکستانی فوج کے جوانوں نے اپنی جان کے نذرانے دے کر ملک کی حفاظت کی ہم پوری قوم ان کو ل کر سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 14

پبلک سروس گاڑیوں کے چالان کیے گئے، قانون کی خلاف ورزی پر 24 لاکھ 12 ہزار روپے کے جرمانے کیے گئے، بغیر لائسنس گاڑی چلانے والے 135 ڈرائیوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی، غفلت کے مرتکب 21 ڈرائیوروں کے لائسنس منسوخ کیے گئے ہیں، پبلک سروس گاڑیوں کے ڈرائیوروں، مالکان کے خلاف 23 مقدمات بھی درج کیے گئے، پبلک سروس گاڑیوں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، سی پی او نے کہا کہ تیز رفتاری پر نظر رکھنے کے لیے گاڑیوں کا ٹریولنگ ٹائم بھی چیک کیا جا رہا ہے، شہریوں کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا، غفلت و کوتاہی کے مرتکب گاڑیوں کے مالکان اور اڈہ منیجرز کے خلاف بھی کارروائی ہوگی، سٹی ٹریفک پولیس کا سپیشل سکواڈ اوں کی بھی گاڑیوں کی چیکنگ کو یقینی بنا رہا ہے، شہریوں اور ڈرائیوروں کی آگاہی کے لیے خصوصی آگاہی مہم کا بھی آغاز کیا گیا ہے۔

بقیہ 15

سابقہ شوہر شکیل اور دونوں نامزد دیوروں عدیل اور خلیل کو تحویل میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان کے علاقہ میں خاتون پر تیزاب پھینکنے کی اطلاع کا معاملہ، واقعہ کی اطلاع پر ایس پی راول سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا، وارث خان پولیس نے متاثرہ خاتون کے سابقہ شوہر شکیل اور دونوں نامزد دیوروں عدیل اور خلیل کو تحویل میں لے لیا ہے، واقعہ کا مقدمہ متاثرہ خاتون کی مدعیت میں تھانہ وارث خان میں درج کیا گیا ہے، متاثرہ خاتون کا میڈیکل کروایا گیا ہے، زیر تحویل ملزمان سے تفتیش کی جا رہی ہے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن صبا ستار تفتیش کی براہ راست نگرانی کر رہی ہیں، مقدمہ کی حقائق کے مطابق تفتیش عمل میں لاتے ہوئے میرٹ پر مکمل کیا جائے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ خاتون پر تیزاب پھینکنے جیسا واقعہ ناقابل برداشت ہے، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث ملزمان قانون سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 16

وطن کا بھرپور دفاع کیا۔ رات کی تاریکی میں حملہ آور بزدل دشمن کو پاک فوج نے دندان شکن جواب دیا۔ افواج پاکستان کے جری سپوتوں نے بے مثال بہادری سے دشمن کو پسپا کیا۔ محسن نقوی نے اپنے پیغام میں کہا کہ شہدا کی قربانیاں اور فوجی جوانوں کی جرأت و بہادری ہماری پہچان اور فخر ہیں۔ جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پاک وطن کے جوانوں نے اپنی لازوال قربانیوں سے ثابت کیا کہ قوم میں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں بلکہ ایمان اور حوصلے سے جیتتی ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ تاریخ عالم پاک فوج کی بہادری کی لازوال داستانیں رقم کرنے کی کوئی دوسری مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ دفاع وطن کے لیے جان نچھاور کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے۔ دفاع وطن کے لیے اپنی قیمتی جانیں نچھاور کرنے والے شہدا ہماری آن، بان اور شان ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوری قوم شہدائے وطن اور ان کے خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ یہ دن ہمیں اپنے فوجی جوانوں کی بہادری اور عزم کی یاد دلاتا ہے۔ ہم آج اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کی قربانی سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

بقیہ 17

شہید کے مزار پر گارڈ آف آنر پیش کیا راجہ پرویز اشرف نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہ 6 ستمبر پر پاکستانی فوج

نے ازلی دشمن ہندوستان کو عبرتناک شکست دیکر شجاعت اور بہادری کی نئی تاریخ رقم کی، وطن عزیز کے خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے شہیدوں اور انکے خاندانوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے آج 6 ستمبر کو ملک بھر میں یوم دفاع اور یوم شہداء منایا جا رہا ہے، آج کے دن ہم سب کو ملکی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے عہد کرنا ہوگا۔

بقیہ 18

کہ بدقسمتی سے ایک اور پاکستانی بچہ پولیو سے متاثر ہوا، حکومت نے پولیو کو پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جامع روڈ میپ بنایا ہے۔ ملک میں پولیو کیسز کے حوالے سے کوآرڈینیٹر نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر انوار الحق نے کہا کہ ہم ہر بچے تک پولیو ویکسین پہنچانے کی کوششیں تیز کر رہے ہیں۔

بقیہ 19

شہید کے مزار پر گارڈ آف آنر پیش کیا راجہ پرویز اشرف نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہ 6 ستمبر پر پاکستانی فوج نے ازلی دشمن ہندوستان کو عبرتناک شکست دیکر شجاعت اور بہادری کی نئی تاریخ رقم کی، وطن عزیز کے خاطر اپنی جانیں قربان کرنے والے شہیدوں اور انکے خاندانوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے آج 6 ستمبر کو ملک بھر میں یوم دفاع اور یوم شہداء منایا جا رہا ہے، آج کے دن ہم سب کو ملکی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے عہد کرنا ہوگا۔

بقیہ 20

عبدالرحمن اپنے گھر کی طرف جاتے ہوئے سڑک کراس کر رہا تھا کہ اچانک تیز رفتار مسافر ویگن نے اسے بری طرح ٹکر ماری جسکے نتیجے میں وہ شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر دم توڑ گیا، ابن این آئی کے مطابق دوسرے واقعہ میں گاؤں 47 ایس پی کے رہائشی نوجوان محمود نے گھریلو ناچاکی پر دلبرداشتہ ہو کر درخت سے لٹک کر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی، پولیس نے واقعات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 21

وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ گولڑہ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری میں ملوث گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے 06 مسروقہ موٹر سائیکل اور سپیئر پارٹس برآمد کر لیے گئے

بقیہ 22

کے شہداء اور غازیوں پر ناز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بحیثیت پاکستانی ہم سب اس قومی دن کو پاکستان کی تاریخ کے قابل فخر لمحات میں سے ایک کے طور پر مناتے ہیں، جب پاکستانی فوجیوں نے 1965 کی جنگ میں ہماری آزادی اور وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ریلی میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے احمد حسن رانجھا اور دیگر افسران سمیت ملازمین نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستانی افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دفاع وطن اور بقائے وطن کے لئے پاکستان کی افواج ہمارے ملک کا فخر ہیں اور دفاع وطن کے حوالے سے ہمیں ان کی قربانیوں پر ناز ہے

بقیہ 23

سلمان بٹ کی قیادت میں ریلوے ملازمین کے حقوق کی جس جدوجہد کا آغاز کیا تھا اسے ہر حالت میں جاری رکھا جائے گا، کسی مائی کے لال کو ریلوے ملازمین سے زیادتی نہیں کرنے دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "ریلوے بچاؤ احتجاجی تحریک" کے آغاز پر ایک بڑے احتجاجی جلسہ سے خطاب اور بعد ازاں این این آئی کو دیئے گئے خصوصی انٹرویو میں کیا، اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل خیر محمد تونیو، چیف آرگنائزر لدمحمود چوہدری، ڈویژنل صدر فیاض شہزاد، صدر ملتان ڈویژن رانا محمد شریف، اختر عباس صدر سکھر ڈویژن، محمد انور ڈوگر، ملک محمد جمیل، عبدالعزیز مدنی، خضر حیات بیگ، ریاض آسی، جنید خرم، ضیغم عباس، حاجی عتیق و دیگر نے بھی جلسہ سے خطاب کیا، شیخ محمد انور نے کہا کہ ریلوے ملازمین کو جس ذہنی اذیت سے دو چار کیا جا رہا ہے، یہ حکومت کے گلے میں ہڈی بن جائے گا، ایک طرف شدید مہنگائی، بجلی بلوں نے ملازمین کی کمر توڑ رکھی ہے تو دوسری طرف ان کے سر پر نوکریوں کے خاتمے کی تلوار لٹکا دی گئی ہے، ریلوے ملازمین اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھیں، پریم یونین ملازمین کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 24

ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، عمران خان اور اہلیہ کو کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا، عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت نیب حکام نے بتایا کہ سپریم کورٹ سے نیب ترامیم کیس پر فیصلہ آچکا ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں عدالت نے دیکھنا ہے کہ کیس اس عدالت کے دائرہ اختیار بنتا ہے یا نہیں۔ بعد ازاں عدالت نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ضمانت بعد گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت پیر تک کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ 25

اور پیشہ وارانہ حکمت عملی سے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیا اور پاک فوج نے ملک کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ان کی قربانیوں کی وجہ سے آج ہم ایک آزاد اور خود مختار مملکت کے وارث ہیں جبکہ بلدیہ گوجر خان سے نکالی گئی ریلی میں سی او اظہر مجید نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر کا دن قومی جوش و جذبے کی یاد تازہ اور وطن عزیز کے دفاع کیلئے اپنی جانیں قربان کرنے کے عہد کی تجدید کا دن ہے، آج کے دن ہم وطن کے شہیدوں اور غازیوں کو سلام پیش کرنے کے ساتھ اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم اپنے شہیدوں اور غازیوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی، خوشحالی، استحکام اور اس کی سرحدوں کے دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے 6 ستمبر قوم کیلئے تاریخی دن ہے، جب ہماری مسلح افواج نے دشمن پر واضح کر دیا تھا کہ پاکستانی قوم اور اس کی بہادر افواج اپنی آزادی اور ملک کی حفاظت کرنا بخوبی جانتی ہیں اور وطن عزیز کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں 6 ستمبر 1965 کو ہماری مسلح افواج اور پوری قوم نے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر یہ ثابت کر دیا کہ وطن کے دفاع کیلئے عددی اکثریت نہیں بلکہ جذبہ شہادت، جذبہ قربانی اور حب الوطنی کی ضرورت ہوتی ہے اور 6 ستمبر 1965ء کو ہماری بہادر افواج نے پوری قوم کے ساتھ مل کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

بقیہ 26

ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں رضوان اور ہنوک مسیح شامل ہیں، ملزمان سے 04 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم نے ایس ڈی پی او وارث خان اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ 27

کہ کہ ہماری اطلاعات کے مطابق بانی پی ٹی آئی کا ملٹری ٹرائل کیا جائے گا۔ اس سے پہلے روف حسن نے اعتراف کیا تھا کہ فیض حمید ان سمیت پارٹی کے کئی ارکان سے رابطوں میں تھے۔ روف حسن کا کہنا تھا کہ ان کے ساتھ فیض حمید کا تعلق علیک سلیک کی حد تک تھا، لیکن پارٹی کے دیگر ارکان کا ان کے ساتھ کس نوعیت کا تعلق تھا، وہ نہیں جانتے۔

بقیہ 28

انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی اپیل قابل سماعت نہیں ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے نیب ترامیم سے متعلق کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے تحریر کیے گئے متفقہ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ نیب قانون سابق آرمی چیف پرویز مشرف نے زبردستی اقتدار میں آنے کے 34 دن بعد بنایا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ پرویز مشرف نے آئینی جمہوری آرڈر کو باہر پھینکا اور اپنے لیے قانون سازی کی، پرویز مشرف نے اعلیٰ عدلیہ کے ان ججز کو ہٹایا جنہوں نے غیر آئینی اقدام کو تسلیم نہیں کیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ مشرف دور میں بنائے گئے قانون کے دیباچہ میں لکھا گیا کہ نیب قانون کا مقصد کرپشن کا سدباب ہے، جن سیاستدانوں یا سیاسی جماعتوں نے پرویز مشرف کو جوائن کیا انہیں بری کر دیا گیا، نیب قانون کا اصل مقصد سیاستدانوں سے سیاسی انتقام یا سیاسی انجینئرنگ تھا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں مزید کہا کہ سپریم کورٹ کو قانون سازی کو جلد ختم کرنے کے بجائے اس کو بحال رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے، اگر کسی قانون کی دو تشریحات ہوں تو قانون کے حق میں آنے والی تشریح کو تسلیم کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ درخواست اور سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین کے مطابق نہیں، موجودہ مقدمے میں بھی ترامیم غیر آئینی ہونے کے حوالے سے ہم قائل نہیں ہو سکے، ان ترامیم میں سے بہت سی ترامیم کے معمار عمران نیازی خود تھے، بانی پی ٹی آئی نے نیک نیتی سے درخواست دائر نہیں کی۔ جسٹس اطہر من اللہ کے ایڈیشنل نوٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ پرائیویٹ فریقین کی انٹرا کورٹ اپیلیں سماعت کے لیے منظور کی جاتی ہیں۔ وفاقی حکومت کا استحقاق نہیں تھا کہ انٹرا کورٹ اپیل دائر کرے۔ اپیل صرف متاثرہ فریق ہی دائر کر سکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے متفقہ فیصلہ جاری کرتے ہوئے نیب ترامیم کیس میں حکومتی اپیلیں منظور کر لیں اور نیب ترامیم درست قرار دے دیں۔ عدالت نے سابقہ پی ڈی ایم حکومت میں کی گئی نیب ترامیم کو بحال کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں سابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال اور مستعفی جج اعجاز احسن کا اکثریتی فیصلہ کالعدم قرار دیدیا گیا۔ عدالت عظمیٰ نے قرار دیا کہ ترامیم بحال کرنے کا فیصلہ متفقہ ہے۔

بقیہ 29

گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ آرمی ایکٹ کو دیکھا جائے اور اگر عمران خان کے اپنے دور حکومت میں 24 سے 31 لوگوں کا ملٹری ایکٹ کے تحت ٹرائل ہو سکتا ہے، عمران خان کے 9 مئی واقعات کے تحت دفعات لگیں گی، ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی کہا کہ اگر کسی پر آرمی ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے اور اس نے اپنے سیاسی اور ذاتی مقاصد کیلئے استعمال کیا گیا ہے تو ٹرائل ملٹری کورٹ میں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پھر واضح ہے کہ فیض حمید اور عمران خان کے مفادات ذاتی تھے لیکن دونوں ایک دوسرے سے استعمال ہوئے ہیں، دونوں کے مقاصد ایک تھے۔ بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ دونوں پارٹنرز کا سیاسی مقصد اقتدار میں رہنا تھا۔

بقیہ 30

دستے، کیڈٹس نے گارڈ کے فرائض سنبھال لیے۔ اس موقع پر تقریب کے مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل شہریار نے مزار قائد پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی، پھولوں کی چادر رکھی۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ مزار قائد پر گارڈز کی ذمے داریاں سنبھالنا ایئر فورس کے لیے اعزاز ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا کہ دشمن کو پیغام ہے ہماری امن پسندی کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ کے دستوں نے دشمن کو ایک انچ بھی آگے نہ بڑھنے دیا، پاک فضائیہ 1965 کے دوران قوم کی امیدوں پر پوری اتری، آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کے اہلکاروں کو جدید ٹریننگ دی جا رہی ہے، پاکستان کا امن ہماری اولین ترجیح ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے مزید کہا کہ مظلوم کشمیری اور فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں، پوری قوم شہداء کی بہادری کو قابل احترام سمجھتی ہے، شہداء کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 31

درخواست کو منظور کر لیا، شہری اشبا کامران نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کی بطور چیئرمین نادرا تقرری کو چیلنج کیا تھا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست پر فیصلہ سنایا۔ نگران وفاقی حکومت نے 02 اکتوبر 2023 کو اس وقت جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) میں تعینات آئی جی کمیونیکیشن اینڈ آئی ٹی لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کا تاحکم ثانی چیئرمین مقرر کیا تھا۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت نگران کابینہ کے اجلاس کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ وفاقی کابینہ نے چیئرمین نادرا کے لیے وزارت داخلہ کی سمری پر تین مجوزہ ناموں میں سے لیفٹیننٹ جنرل منیر افسر کی تقرری کی منظوری دے دی۔ بیان میں کہا گیا تھا کہ کابینہ کو بتایا گیا کہ سلیکشن کمیٹی نے نادرا کے چیئرمین کے لیے تین بہترین امیدواروں کے نام شارٹ لسٹ کیے تھے اور کابینہ نے تفصیلی غور خوص کے بعد نادرا کے نئے چیئرمین کے لیے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کی تقرری کی منظوری دے دی۔ بعد ازاں 8 فروری 2024 کو ہونے والے عام انتخابات کے نتیجے میں منتخب وفاقی حکومت نے 29 مارچ 2024 کو سرکولیشن کے ذریعے وزارت داخلہ کی سمری منظور کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو 3 سال کے لیے چیئرمین نادرا تعینات کرنے کی منظوری دی تھی۔ وفاقی حکومت نے نادرا رولز 2020 میں رول 7 اے شامل کرنے کی منظوری دی تھی، جس کے تحت کسی بھی حاضر سروس افسر کو قومی مفاد میں چیئرمین نادرا تعینات کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ کہ حاضر سروس افسر کا عہدہ گریڈ 21 سے کم نہ ہو۔ لیفٹیننٹ جنرل منیر افسر اکتوبر 2022 میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی پانے والے 12 میجر جنرلز میں شامل تھے۔ انہوں نے نادرا کے چیئرمین اسد رحمٰن گیلانی سے چارج لیا تھا جو 2023 میں طارق ملک کے استعفے کے بعد چیئرمین نادرا تعینات ہوئے تھے۔ طارق ملک نے 14 جون کو تین سالہ مدت پوری ہونے سے ایک سال قبل عہدے سے اچانک استعفیٰ دے دیا تھا اور اس سے قبل انہوں نے اس وقت کے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی تھی۔

بقیہ 32

کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اس موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہے، قوم ان کی قربانی کبھی نہیں بھولے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ شہید کے والدین ایک عظیم اور باہمت ماں باپ ہونے کا ثبوت دیا، اپنے بیٹے کی شہادت پر جس جذبے کا اظہار کیا، پوری قوم کو اس پر فخر ہے۔ ملک کے لیے ایسا جذبہ پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم اپنے گھروں میں محفوظ ہیں تو یہ احمد بدر شہید جیسے شہداء کی قربانیوں کی وجہ سے ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اور پاک فوج فتنہ الخوارج کے خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، فتنہ الخوارج کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ انہوں نے کہا

کہ 27 رمضان المبارک کو اس ملک کا معرض وجود میں آنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ ملک پاکستان تا قیامت قائم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ اسلام کے نام پر دو ہجرتیں ہوئیں، ایک ہجرت مدینہ اور ایک ہجرت 1947ء میں پاکستان کیلئے ہوئی، یہ ملک عظیم قربانیوں سے حاصل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کا ہم پر قرض ہے، اللہ تعالیٰ کیپٹن احمد بدر شہید کے طفیل ہمیں بھی توفیق دے کہ ہم اس ملک کی خدمت کر سکیں۔ شہید احمد بدر کے والد ین کو سلام پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے والد کرنل ریٹائرڈ بدر الدین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے فخر ہے کہ میں ایک شہید کا والد ہوں، جس دلیری اور جرات سے میرے بیٹے نے شہادت کو گلے لگایا اس سے میرا سر فخر سے بلند ہو گیا۔

بقیہ 33

سکتا۔ ہمارے جوانوں نے اپنی لازوال قربانیوں سے ثابت کیا کہ قومیں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں بلکہ ایمان اور یقین سے جیتتی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آج کا پاکستان مضبوط ہے اور دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ آج پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہیں اور ہماری فوج پہلے سے بھی زیادہ پر اعتماد ہے، ایٹمی دھماکے کرنے والے محمد نواز شریف کو سلام پیش کرتی ہوں۔ عوام مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہمیشہ کھڑے ہوں گے۔ قوم افواج پاکستان یوم دفاع پر بھارتی مقبوضہ کشمیر کے نہتے بے گناہ لوگوں کی عظیم قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔

بقیہ 34

کے مطابق اسٹیٹ بینک نے 10 سے 5 ہزار روپے کے نئے نوٹوں کے ڈیزائن کو شارٹ لسٹ کیا ہے۔ 500 روپے کے دو نوٹوں میں محترمہ فاطمہ جناح کا نوٹ شارٹ لسٹ کیا گیا ہے، ایک ہزار کے نوٹ پر لیاقت علی اور ان کے سکے کا نشان ہے اور پچھلی طرف ہاتھوں کی زنجیر موجود ہے۔ شارٹ لسٹ کیے گئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائنز میں 10، 20، 100، 500 اور 5 ہزار کے نوٹوں پر قائد اعظم کی تصویر آویزاں ہے۔ شارٹ لسٹ کیے گئے ڈیزائنز کو بین الاقوامی ڈیزائنرز کے پاس بھیجا جا رہا ہے جو ڈیزائنوں کو دیکھ کر فائنل کریں گے۔

بقیہ 35

وزیراعظم نے فلور آف دا ہاؤس پہ واضح بات کی کہ آئیں بیٹھیں، ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، ملکی مسائل کا حل نکالنا ہے تو رویوں کو تبدیل کرنا ہوگا، ٹاپ سٹی معاملات کے وقت ہماری حکومت تھی، یہ کام جنرل ریٹائرڈ فیض ہی کر رہے تھے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سپیکر کے چیمبر میں اپوزیشن ارکان آتے جاتے ہیں، سپیکر کے چیمبر کا ہمیشہ نیوٹرل رول ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے پر اپوزیشن کا ابھی تک موقف واضح نہیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ نواز شریف نے واضح الفاظ میں کہا کہ ملکی مسائل پر سب کو بیٹھنا چاہیے، پی ٹی آئی میں فیصلے صرف بانی پی ٹی آئی کرتے ہیں، فیصلوں میں دیگر پارٹی رہنماؤں کا کوئی خاص رول نظر نہیں آتا۔ وزیراعظم نے اسمبلی کے فلور پر مذاکرات کی دعوت دی تھی، ملکی مسائل کا حل نکالنا ہے تو رویوں کو تبدیل کرنا ہوگا، موجودہ حالات میں پی ٹی آئی رہنماؤں کے رویے میں کوئی تبدیلی نظر نہیں آئی، پی ٹی آئی کے رویے میں جہاں ضرورت ہے وہاں تبدیلی نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ ملٹری ٹرائل کے حوالے سے بانی پی ٹی آئی کے پاس کوئی ٹھوس خبر ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کرنا اس بات کی طرف اشارہ ہے، بانی پی ٹی آئی کے ملٹری ٹرائل کا فیصلہ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کریں، حکومت کا ملٹری ٹرائل کا ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ جیل میں موبائل استعمال کرنے کی خبر افواہ بھی ہو سکتی ہے، موبائل کے استعمال سے متعلق کوئی رائے نہیں دے سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اڈیالہ جیل کا صبح 7 بجے تالا آئی جی اسلام آباد نے کھلوایا ہوگا۔

بقیہ 36

انڈسٹریز بہترین انداز میں کام نہیں کر پا رہی تھیں۔ پاکستان پریزنز رولز 1978 کے مطابق جیل میں مشقت کرنے والا قیدی کم از کم ایک آزاد مزدور جتنا کام کرنے کا پابند ہے۔ جیلوں میں قائم انڈسٹریز کیلئے مساوی لیبر سکیل مارکیٹ سروے کے بعد تیار کیا گیا۔ قالین، صندوق، لوہے کی چارپائی، وارڈر اور قیدیوں کے لباس، دری، کمبل، کوٹ اور کاٹن نوار کی تیاری بارے روزانہ کے اہداف مقرر کئے گئے ہیں۔ ایک ماہ تربیت کے بعد ایک قیدی دن میں لوہے کی 2 چارپائیاں تیار کرے گا، 2 ماہ تربیت کے بعد 3 قیدی دن میں 1 ٹک باکس صندوق تیار کریں گے۔ ایک ماہ تربیت یافتہ ایک قیدی دن میں 2 انچ چوڑائی کی 25 فٹ کاٹن نوار تیار کرے گا۔ ایک ماہ تربیت یافتہ قیدی دن میں 6 فٹ لمبائی اور اڑھائی فٹ چوڑائی کی ایک دری تیار کرے گا۔ یونیفارم لیبر سکیل کے مطابق قیدی ایک ماہ تربیت کے بعد 7 فٹ لمبائی اور سوا 4 فٹ چوڑائی کے 3 کمبل تیار کرے گا۔ 2 ماہ تربیت کے بعد قیدی دن میں 2 یونیفارم سوٹ سلائی کرے گا۔ 2 ماہ تربیت یافتہ قیدی دن میں یونیفارم کے کپڑے کی 6 میٹر بنائی کرے گا۔ 3 ماہ تربیت کے بعد قیدی 2 دن میں وارڈز کی 3 شرٹ سلائی کرے گا۔ 3 ماہ تربیت یافتہ قیدی 2 دن میں وارڈز کی 3 پینٹ سلائی کرے گا۔ 1 ماہ تربیت کے بعد قیدی 2 فٹ چوڑے قالین کے 12 وارز بنے گا۔ نئے لیبر سکیل کے مطابق مشقت مکمل کرنے والے قیدیوں کو ہی قانون کے مطابق سزا میں معافی مل سکے گی۔ پنجاب بھر میں جیلرز کو نئے مساوی لیبر سکیل کے مطابق قیدیوں سے مزدوری کروانے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔

بقیہ 37

بیگ مرزا پاک فضائیہ کے سابق افسر ہیں جنہوں نے میدان جنگ میں دشمن کو کاری نقصان پہنچایا تھا۔ انہوں نے اپنے خطاب کے دوران پاک فضائیہ کے شاندار ماضی کو اس کے تابناک مستقبل کا آئینہ دار قرار دیا۔ اس تقریب کا آغاز ایئر کموڈور ریٹائرڈ خالد چشتی کے تمہیدی کلمات سے ہوا جنہوں نے معزز مہمان کا تعارف کرواتے ہوئے 1965 اور 1971 کی جنگوں کے دوران پاک فضائیہ کے کارناموں کا مختصر جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے معزز مہمان کو میدان جنگ میں ان کی فضائی مہارتوں اور حربی کامیابیوں پر خراج تحسین پیش کیا جس کے دوران انہوں نے دشمن کے دو جنگی جہاز تباہ کیے تھے اور زبان حال سے یہ ثابت کر دکھایا تھا کہ پاک فضائیہ ایک بے مثال فضائی قوت ہے۔ ونگ کمانڈر ریٹائرڈ سلیم بیگ مرزا نے 1965 اور 1971 کی جنگوں کے دوران اپنے حربی تجربات بیان کیے۔ میدان جنگ میں اپنی فضائی مہارت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے ان کارروائیوں سے متعلق بھارتی میڈیا کے من گھڑت پروپیگنڈے کا پردہ چاک کیا اور ان واقعات کے اصل حقائق بیان کیے۔ اس دوران انہوں نے بتایا کہ پاک فضائیہ کی بابصیرت قیادت کی زیرنگرانی گزشتہ دہائیوں کے دوران ملکی فضائیہ کو جدید تقاضوں کے ہم آہنگ بنایا گیا ہے اور اب یہ ایک ایسی جدید اور مضبوط قوت ہے جو اپنے بلند حوصلے، جانفشاں تربیت اور پیشہ ورانہ قابلیت کے سبب دنیا بھر میں ایک ممتاز مقام رکھتی ہے۔ انہوں نے پاک فضائیہ کی ان تکنیکی اور تزویراتی صلاحیتوں سے متعلق بھی بیان کیا جس کے سامنے بھارت کی عددی برتری کچھ نظر آتی ہے۔ اس خصوصی خطاب کے بعد حاضرین نے معزز مہمان سے سوالات پوچھے اور پاک فضائیہ کی درخشاں تاریخ اور مستقبل کے عزائم کے بارے میں جانا۔ اس دوران مستقبل میں

درپیش چیلنجز کو بھی زیر غور لایا گیا۔ تقریب کا اختتام ریٹائرڈ ائیر مارشل عاصم سلیمان کے اختتامی کلمات سے کیا گیا جو کہ اس ادارے کا اس کے سربراہ ہیں۔

بقیہ 38

قوم اور افواج کے عزم و استقلال کو قائم رکھنے اور ملکی ترقی کو پروان چڑھانے کا پیغام دیا۔ آخر میں صدر شعبہ اسلامیات پروفیسر محمد سلیم نے شہداء کے لیے اجتماعی دعا کروائی۔ تقریب کے دوسرے سیشن میں ملی نغموں اور تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں کالج کے طلبا نے بھرپور حصہ لیا۔ ملی نغموں کے مقابلے میں فرسٹ ایئر کے حافظ محمد سبحان نے پہلی پوزیشن، سیکنڈ ایئر کے محمد ریحان سلطان نے دوسری پوزیشن اور فرسٹ ایئر کے طالب علم محمد ایان نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ تقریری مقابلے میں سیکنڈ ایئر کے طالب علم محمد حسن آصف نے پہلی پوزیشن، فرسٹ ایئر کے عائز نصیر نے دوسری جبکہ راحیل رزاق نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ان مقابلہ جات میں ڈاکٹر سمیرا عامر، پروفیسر میمونہ اور ڈاکٹر جعفر علی نے بطور منصفین شرکت کی۔ پروگرام کی تیسری نشست کے آغاز میں صدر لٹریری سوسائٹی ڈاکٹر محمد نعیم گھمن (شعبہ اردو) نے تمام اساتذہ کرام، منتظمین اور دیگر شرکا کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد ڈرامیٹک کلب کے طلبا نے 06 ستمبر 1965ء کی مناسبت سے ڈرامہ پیش کیا جسے بھرپور سراہا گیا۔ تقریب کے اختتام پر تمام پوزیشن ہولڈرز اور ڈرامیٹک کلب کے طلبا میں نقدی انعامات اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے اور گروپ فوٹو لی گئی۔ اس تقریب کی تینوں نشستوں میں نظامت کے فرائض سیکرٹری لٹریری سوسائٹی جمال احمد (شعبہ فارسی) نے سرانجام دیے۔

بقیہ 39

پیش کرنے کا موقع ملا۔ شہداء کی فیملیز سے ملاقات کرنے کا موقع ملا اور اس باوقار تقریب میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ قوم کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ بیرونی دفاع میں افواج پاکستان ایک بہت اچھا کام کر رہی ہیں۔ افواج پاکستان جاگتی ہیں تو ہم سکون سے سوتے ہیں، ہمارے بارڈرز، فرنٹیرز اور سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ملک کا اندرونی دفاع ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ شہداء ہمارے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں، ان کی عزت کی حفاظت، ان کی قربانی کا احترام ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ آج میں شہداء کی ماؤں کو خصوصاً خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں، ان سے میری ملاقات بھی ہوئی ہے۔ یہ ایک ایسا جذبہ ہے کہ جب اسے سوچنا چاہئیں تو اس جذبے کی عظمت کا احاطہ نہیں کر سکتے۔ ایک ماں اس بات کو سمجھ سکتی ہے کہ اس کا بچہ گھر سے باہر جاتا ہے، ماں انتظار میں ہوتی ہے اسکی خیریت کے لئے دعا کرتی ہے، جب بچہ آتا ہے تو ماں سکون کی نیند سوتی ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ جذبہ بھی ایک ناقابل تسخیر جذبہ ہے جب ماں اپنے بچے کو میدان جنگ میں ملک کی حفاظت کے لئے بھیجتی ہے۔ ماں جانتی کہ وہ اسے کہاں بھیج رہی ہے اور اس کے ساتھ کیا ہو سکتا ہے۔ اس کو یہ پتہ ہوتا ہے کہ ایک دن اس کا جسد خاکی بھی واپس آ سکتا ہے۔ ہمارے آفیسر اور جوان بہادری سے سرحدوں پر لڑتے ہیں۔

بقیہ 40

نظر رہا ہے جبکہ موصوف چند ایک منظور نظر افسروں کی ناوٹ پالیسی پر عمل پیرا ہو کر ڈسٹرکٹ کے تمام ہسپتالوں کی تعریفوں میں مصروف ہیں جبکہ تحصیل گوجر خان میں حالات اس کے برعکس ہیں حالیہ تباہ کن بارشوں کے بعد نہ تو کباڑ خانوں کی کوئی چیکنگ کی جا رہی ہے اور نہ ہی شہر کے اندر بیشتر ایریاز میں بنے بھینسوں کے باڑوں کو چیک کیا جا رہا ہے جسکے باعث مچھروں کی بہتات ہو چکی ہے مقامی افسران بھی ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہیں وہ بھی دفاتر سے باہر نکلنا گوارا نہیں کرتے بارہا عوامی حلقوں نے فیس بک اور واٹس ایپ نیوز گروپس میں ان جانوروں کے باڑوں کے متعلق مسئلے کو ہائی لائٹ کیا مگر ڈی ڈی ایچ او ٹس سے مس نہیں ہوئے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، منسٹر ہیلتھ سمیت سیکرٹری ہیلتھ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی سینئر افسر کو سی ای او ہیلتھ راولپنڈی لگایا جائے جو اس عہدے کے لیے اہل ہو گوجر خان اور راولپنڈی میں موصوف سے سینئر ترین 19 گریڈ کے افسران موجود ہیں جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے اندر بھی ایسے چند ایک فرض شناس افسران ہیں ایسے اہل لوگوں کی موجودگی میں جونیئر شخص کی تعیناتی محکمہ کی کارکردگی پر اور محکمہ ہیلتھ کے لیے سوالیہ نشان ہے چونکہ اگر دیکھا جائے تو موصوف جہاں تعینات ہیں راولپنڈی کے اندر کنفرم مریضوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جو بڑھ کر 127 ہو گئی ہے 25 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں قبل از وقت ڈینگی سے نمٹنے کی تیاری نہ کرنے کے باعث انتظامیہ کی تمام تدبیریں الٹی پڑتی جا رہی ہیں۔

بقیہ 41

اظہر صدیق عدالت میں پیش ہوئے۔ رجسٹرار آفس نے پرنسپل سیٹ پر درخواست دائر کرنے کا اعتراض عائد کیا تھا، رجسٹرار آفس کی جانب سے کہا گیا تھا کہ اس نوعیت کی درخواست راولپنڈی بنچ میں دائر ہو سکتی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ میری درخواست میں اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نہیں بلکہ آئی جی جیل خانہ جات فریق ہیں۔ بعد ازاں عدالت عالیہ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل میں سہولیات دینے کی درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض بحال رکھتے ہوئے درخواست گزار کو متعلقہ بنچ سے رجوع کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 42

کی درخواست ضمانت کی سماعت میں پیش کیے جائیں گے۔ ورثاء کی جانب سے ملزمہ کی درخواست ضمانت پر نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جمع کرایا جائے گا۔ نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جاں بحق ہونے والے عمران عارف کی اہلیہ کی جانب سے جمع کرایا جائے گا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے عمران عارف کے بیٹے اسامہ عارف اور بیٹی کی جانب سے بھی نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جمع کرائے جائیں گے۔ طے پائے گئے حلف نامے میں متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ ہمارے درمیان معاملات طے پاگئے ہیں ہم نے ملزمہ کو معاف کر دیا ہے۔ حلف نامے میں جاں بحق ہونے والوں کے ورثاء نے کہا ہے کہ ہم نے اللہ کے نام پر معاف کیا ہے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

بقیہ 43

تحریر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ انٹرا پارٹی انتخابات میں الیکشن کمیشن کے دائرہ اختیار پر پی ٹی آئی کا اعتراض بھی مسترد کر دیا گیا، الیکشن کمیشن نے انٹرا پارٹی انتخابات کیس میں تحریک انصاف کے التوا کی درخواست بھی مسترد کر دی۔ علاوہ ازیں انٹرا پارٹی انتخابات کی کارروائی مخصوص نشستوں میں کمیشن کی درخواست پر فیصلے تک موخر کی استدعا بھی مسترد کر دی گئی۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کو وائف آئی اے کی جانب سے پارٹی آفس سے لے جائے گئے دستاویزات کی واپسی کے لیے عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت بھی کر دی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی شق 208 کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات کے قانونی تقاضوں کا جائزہ لینا کمیشن کی ذمہ داری ہے، شق 209-3 کے تحت سرٹیفکیٹ کے اجرا کے حقائق دیکھنا بھی کمیشن کی ذمہ داری ہے۔ یاد رہے کہ 27 اگست کو الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی انٹرا پارٹی انتخابات کیس میں سپریم کورٹ کی وضاحت آنے تک مقدمے کو زیر التوا رکھنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 07 اور 08 ستمبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 07 ستمبر 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، علی پور فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، محبوب شہید، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک، کار چوک، نیو کلیام، اولڈ کلیام، جتھہ ہتھیال، بسالی، انڈسٹریل، بھل، کھمتی، جرار کیمپ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ٹی اینڈ ٹی وانی، جھنگی، ای ایم ای کمپلیکس، سیکٹر-4، شمس کالونی، بجبیال، فیڈرز، جہلم سرکل، سوہاوہ کچہری، فیڈرز، مورخہ 08 ستمبر 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ٹی اینڈ ٹی وانی، جھنگی، ای ایم ای کمپلیکس، سیکٹر-4، شمس کالونی فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 08:30 بجے تک جی ایس او سرکل، حضرو، نرتھوپہ، ریڈیو پاک ٹو، دریا شریف، شنکا، بارازئی، ریڈیو پاک ون، شمس آباد، غور غشتی، لارنس پور، ہٹیاں، قاضی آباد، ویسا، مسکین آباد، موسیٰ، جی بی سی تھری، جی بی ایچ پی، پاور چینل 1,2,3,4، شاہ دیر، ایشین ڈویلپمنٹ سکیم، شفیع چوہان، این اے ایس ٹی پی فیڈرز، مورخہ 09 ستمبر 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، H-8/2، NECOR-8/2، پی سی، ٹی ڈی سی پی، ایم سی ایم، گھڑیال، کوہالہ، سنی بینک، ریحارہ، سی ایم پاک زونگ، آئسولیشن ہسپتال فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، دھمیال-I، لالکرتی، یو سی لکھن، شاہ جیون، گلشن سعید، محبوب شہید، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک، کار چوک، زراج ون، زراج ٹو، زیتا ون، آئی ایس ٹی، ڈھوک اعوان، موہرہ نگیال، ہمایوں، فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ٹی اینڈ ٹی وانی، جھنگی، ای ایم ای کمپلیکس، سیکٹر-4، شمس کالونی، مسلم ٹاؤن، G-15، کٹاریاں، ہولی فیملی، F بلاک، بنی، مصریال روڈ فیڈرز جہلم سرکل، پورن، کھوکھر، فتح پور، سرائے عالمگیر، محلہ شہیداں، گلیانہ، کنٹریلہ، بھئی خان، کلیہ، پنڈ فتح خان، اجمل شہید، F-7 کچہری، عباس پورہ، پکھوال، F-9 چک دولت، جاکر، فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوڈا، فیڈرزا ور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 44

کا کہنا ہے کہ دفاع وطن ہمیں جان سے بھی مقدم ہے، زندہ قومیں ہر تہوار قومی جوش و جذبے اور ملی ہم آہنگی سے مناتی ہیں جنگ ستمبر کے دوران پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر سرحدوں کی حفاظت کے لیے جو کارہائے نمایاں سرانجام دیے اس کی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی انہوں نے کہا سرحدوں کی حفاظت پر ایک رات پہرہ دینا کئی عبادتوں سے افضل ہے سرحدوں کی حفاظت پر مامور جوان اور افسر ہمارے ماتھے کا جھومر اور دلوں کی دھڑکن ہیں، شہدائے وطن کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 45

چوبند دستے نے سلامی دی جبکہ پولیس بینڈ نے قومی ترانہ اور ملی نغموں کی دھنیں بجا کر جنگ 6 ستمبر 1965 کی یاد کو تازہ کیا۔ اسی طرح مختلف سکولوں کے بچوں نے ملی نغمے اور ٹیبلوز پیش میں شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر کمشنر ملک جہانزیب اعوان نے پوری قوم کو 59 واں یوم دفاع اور 57 واں ہلال استقلال کی مبارک دی۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ 65 پاکستان کی تاریخ میں خاص مقام رکھتی ہے۔ 6 ستمبر 65 میں ہم نے اپنے خون سے ایک تابندہ خواب لکھا۔ ملی یکجہتی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کا بے مثال مظاہرہ دیکھا گیا۔ ہمارے بزرگوں نے پاک فوج کے شانہ بشانہ سرگرم ہو کر ایک جذبے کے تحت کام کیا۔ سرگودھا ان شہروں میں سے ہے جنہوں نے دشمن کے سب سے زیادہ ہوائی حملوں کو ناکام بنا کر بھارت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جس کے اوزار میں ہلال استقلال عطا ہوا۔ کمشنر کا کہنا تھا کہ آج کا دن پاک فوج کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے ان کی عظیم قربانیوں سے ہم آج تک سرخرو ہو رہے ہیں اور اسی جذبہ حب الوطنی سے 7 ستمبر یوم فضائیہ منایا جاتا ہے۔ ستمبر 65 جنگ میں سرگودھا بیس کا اہم کردار تھا یہاں سے اڑنے والے ہوا بازوں کی جرات و شجاعت سے ہماری فضائی حدود آج تک محفوظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے وسائل محدود جبکہ مسائل زیادہ ہیں۔ حکومت پنجاب کی بھرپور کوشش ہے کہ شہری خدمات بہتر سے بہتر ہو سکیں۔

بقیہ 46

رکے معاملے حل نہ کریں تو پشاور ہائی کورٹ سے رجوع کیا جائے گا، خط پشاور ہائی کورٹ سے تجربہ کار قانونی مشیر کے ذریعے حل طلب کیا جائے گا۔ پشاور کے ایم پی اے اور درگئی کے تحصیل ناظم کے واقعے پر بھی کارروائی ہوگی، خط پیسکو کے گرڈز اور دیگر تنصیبات کی حفاظت کیلئے فرنٹیئر کانسٹیبلری کی خدمات لی جائیں گی، خط پاور ڈویژن وزارت داخلہ کے ساتھ معاملہ اٹھائے گی۔ گرڈ سٹیشنوں پر حملہ اور قبضہ کرنے والوں کے ویڈیوز سوشل میڈیا پر بھی جاری کی جائیں گی، خط گرڈ سٹیشنوں پر حملوں میں ملوث افراد کو پرنٹ میڈیا پر بھی بے نقاب کیا جائے گا، خط

بقیہ 47

میں کہا ہے کہ ہم 1965 کی جنگ کی فاتحانہ وراثت کو فخر کے ساتھ یاد کر رہے ہیں، جو قوم کے ناقابل تسخیر عزم اور غیر متزلزل جذبے کی مثال ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ دن مادر وطن کی بہادری سے دفاع کرنے والے بہادر جوانوں کی قربانی اور بہادری کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مسلح افواج نے اپنے پیغام میں کہا کہ 59 سال قبل افواج پاکستان نے فیصلہ کن طور پر دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا اور ایک تاریخی فتح حاصل کی جو تاریخ میں ہمیشہ کے لیے لکھی جائے گی۔ آئی ایس پی آر نے اپنے بیان میں کہا کہ 1965 کی جنگ امید کی کرن تھی، جس نے مصیبت کے وقت قوم کی لچک اور عزم کی مثال دیکھی، افواج تمام خطرات اور چیلنجوں سے ملک کے دفاع کے لیے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ آئی ایس پی آر نے اپنے بیان میں تمام شہداء اور ویٹرنز کے اہل خانہ کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کے لواحقین نے اپنے پیاروں کی قربانیوں کو ہمت کے ساتھ برداشت کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یوم دفاع کے موقع پر شہداء اور ہیروز کو خراج عقیدت پیش کریں جن شہدا کی قربانیوں نے مضبوط، خوشحال اور پرامن پاکستان کے لیے جدوجہد کرنے کی ترغیب دیتی رہیں گی۔

بقیہ 48

سوسائٹیوں کے بعد پونزی اسکیموں کے نشانہ پر ہیں جن سے محتاط رہنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیب لاہور میں ماہانہ کھلی کچہری میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کھلی کچہری میں پونزی سکیموں اور ہاؤسنگ سیکٹر کے 300 سے زائد متاثرین نے شرکت کی۔ نیب کی جانب سے متاثرین کو ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف اٹھائے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ ڈی جی نیب امجد مجید اولکھ نے کہا کہ نیب لاہور ملزمان کی جائیدادیں ڈی فریز کرنے کے آرڈر کو اعلیٰ عدلیہ میں چیلنج کرنے کی اجازت مانگ چکا ہے۔ جعلی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، چیئرمین نیب کی واضح ہدایات ہیں کہ تمام کیسز میں عوام کے نقصانات کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 49

الیکشن کے حوالے سے گزشتہ شب بھرپور شو آف پاور، گلف کلب مارکی راولپنڈی میں میاں گروپ نے سات سو سے زائد ممبران کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیکر مخالفین پر نفسیاتی برتری حاصل کر لی ہے، پرتکلف عشائیے میں عظیم سماجی شخصیت چیئرمین قائمہ کمیٹی معدنیات راولپنڈی چیمبر آف کامرس راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت نے بھی خصوصی طور پر شرکت

کی اور گروپ لیڈر سہیل آفتاب کو تاجر برادری کیلئے ان کی گراں قدر خدمات پر گولڈ میڈل پہنایا اور پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا، اس موقع پر موجودہ صدر چیمبر آف کامرس ثاقب رفیق بھی موجود تھے، راجہ مجاہد افسر کا اس موقع پر یہ کہنا تھا کہ تاجر برادری کیلئے میاں اسلم پرویز گروپ کی بے پناہ خدمات ہیں اور میری نیک تمنائیں گروپ کے ساتھ ہیں، 11 ستمبر کو ہونیوالے الیکشن میں میاں اسلم پرویز گروپ میدان فتح کرے گا

بقیہ 50

سرفراز بگٹی نے کہا کہ قیام پاکستان سے لے کر آج تک ہماری بہادر افواج نے ملک اور قوم کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، پاک فوج نے ملک کو ہمیشہ دشمن کی میلی نگاہوں سے محفوظ بنایا ہے، ہمیشہ اپنے ملک کی دفاع ترقی سالمیت اور استحکام کے لیے اجتماعی طور پر بحیثیت محب وطن پاکستانی اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کے قیام اور تخریب کار عناصر کے خلاف عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج اور دیگر سکیورٹی اداروں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر ان کے مضبوط بازو بنے ہیں، بلوچستان میں دہشت گردی اور انتشار پھیلانے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت اپنے سکیورٹی اداروں کے تعاون سے اپنی سرزمین کے ایک ایک انچ کا دفاع کرے گی، صوبے میں تخریب کاری، انتشار اور دہشت گردی پھیلانے والوں کو انکے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یوم دفاع کے موقع پر وطن عزیز کے تمام شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 51

انہوں نے کہا کہ میرے دونوں بھائیوں پروفیسر مظہر مشوانی اور پروفیسر ظہور مشوانی کو رات 2 بجے ریلیز کر دیا گیا، ان معصوم شہریوں کو 6 جون سے 6 ستمبر تک یعنی 92 دن اغواء رکھا گیا۔ پی ٹی آئی کے رہنما اظہر مشوانی نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ اللہ پاک تمام جبری گمشدہ افراد کو جلد از جلد ان کے اہل خانہ سے بحفاظت واپس ملوائیں، تمام پاکستانیوں خصوصاً ہمارے وکلاء، رپورٹرز، سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس اور انصافینز کی محنت اور دعاؤں کے ہم شکر گزار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شہباز علی رضوی کا بھی تہہ دل سے شکریہ جنہوں نے کیس کو غیر ضروری التواء میں نہیں ڈالا اور میرٹس پر قانون کے تحت چلایا۔ واضح رہے کہ رواں برس جون میں اظہر مشوانی کے دونوں بھائیوں کو مبینہ طور پر اغوا کر لیا گیا تھا اور عدالت نے پی ٹی آئی فوکل پرسن اظہر مشوانی کے بھائیوں کی بازیابی کا حکم دیا تھا۔ علاوہ ازیں پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے دونوں بھائیوں کے مبینہ اغوا کی شدید مذمت کی گئی اور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ اور چیف جسٹس آف پاکستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

بقیہ 52

اور ہماری خودمختاری کو برقرار رکھا ہے، ہمارے شہداء اور غازیوں کی قربانیاں قوم کے دلوں میں نقش ہیں، وطن کے لیے ہماری افواج کی غیر متزلزل وابستگی ہر پاکستانی کے لیے قابل فخر ہے، پاکستان کی سلامتی و استحکام کا انحصار نہ صرف افواج کی طاقت پر ہے بلکہ عوام کی یکجہتی پر بھی ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ عوام اور افواج کے درمیان یکجہتی ہی ہمیں ناقابل تسخیر بناتی ہے، قوم مل جل کر پاکستان کی خوشحالی اور دفاع کے لیے کام جاری رکھے۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع کے موقع پر قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں جنہوں نے جوہری پروگرام کی بنیاد رکھی اور آنے والی نسلوں کے لیے ملک کی دفاعی صلاحیتوں کو یقینی بنایا، دفاعی ٹیکنالوجی میں ترقی کے لیے بیلسٹک میزائل ٹیکنالوجی کا تحفہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی بصیرت کا نتیجہ ہے۔

بقیہ 53

چمپر میں مہم جوئی کرنے والی بچیوں کی پہلی ٹیم کی حیثیت سے بھی اپنا نام رقم کر لیا ہے۔ 9 سالہ انوبیا عرفان، 13 سالہ انوش عالم، 13 سالہ انم خادم اور 16 سالہ اجیل دنیال نے اپنی سات روزہ کامیاب مہم جوئی کے اختتام پر چترال پریس کلب میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہندوکش کی چوٹی ترچ میر کی طرف ان کی یہ ٹریکنگ اور مہم جوئی مستقبل میں چترال کے بچیوں اور نوجوانوں کو اس فیلڈ کی طرف راغب کرنے کے نقطہ آغاز ہے۔ اور انہوں نے ان سات دنوں کی مہم جوئی کے دوران فطرت کو بہت قریب سے دیکھا اور بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ انہوں نے کہا۔ کہ ان کے ٹیم لیڈر اور قائد صاحب عالم نے اپنے تجربات کی روشنی میں پہلے انہیں تیار کیا۔ اور اس ایڈونچر کو کامیاب بنانے کے لیے پل پل ان کی رہنمائی کی۔ اور یہ ایک ایسا دلچسپ سفر تھا۔ جس میں قدرت کے حسن کو دیکھنے محسوس کرنے اور مشاہدات و تجربات سے گزرنے کا موقع ملا

بقیہ 54

ہمیں اپنے وطن کی سالمیت اور خودمختاری کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی فوج کی عظیم قربانیوں کو یاد رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکار دشمن نے رات کے اندھیرے میں حملہ کر کے اپنے بزدل ہونے کا ثبوت دیا مگر افواج پاکستان کی دیدہ دلیری اور مستعدی نے دفاع پاکستان کو ناقابل تسخیر بنا دیا۔ آج وطن عزیز اندرونی و بیرونی سازشوں میں گھرا محسوس ہوتا ہے۔ پھر سے وطن کے دفاع کو مضبوط بنانے کے لیے ہمیں بحیثیت قوم 1965 والے اتحاد، عزم اور جذبے کی ضرورت ہے۔ وطن کی جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ وطن عزیز کی نظریاتی سرحدوں کو بھی مضبوط بنانا ہے۔

امیدوڈزم ویلی سکول خیر پور میں یوم دفاع کے شہداء اور فوجیوں کے ساتھ علم و تعلیم کا فروغ دینے والے

اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد

ایک استاد ہی کسی بھی ملک کے ہیرو ذکو سنوارتا ہے، پروفیسر انصاف علی مغل، 6 ستمبر کا قومی ہیرو ذکو آج خراج تحسین پیش کیا

بچوں نے اچھی پرفارمنس دکھائی ہے، اساتذہ جنہوں نے ان بچوں کو اس پروگرام کے لیے تیار کیا

خیر پور (پ ر) امیدوڈزم ویلی سکول خیر پور میں یوم دفاع کے شہداء اور ملک کی سرحدوں کا دفاع کرنے والے فوجیوں کے ساتھ علم و تعلیم کا فروغ دینے والے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر انصاف علی مغل نے کہا کہ ایک استاد ہی کسی بھی ملک کے ہیرو ذکو سنوارتا ہے، ہمیں سامنے یہ نوجوان نسل بیٹھی ہوئی ہے اس میں مستقبل کا مفکر، سائنسدان، ڈاکٹر، انجینئر اور ملک سرحدوں کی حفاظت کرنے والا نوجوان افسر شامل ہے۔ یہ سب ایسے ہیرو ہیں جنہوں نے 6 ستمبر کے قومی ہیرو ذکو آج خراج تحسین پیش کیا، اور ساتھ ہی انہوں نے اپنے اساتذہ کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ (بقیہ نمبر 3)

امیدوڈزم ویلی سکول خیر پور میں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر منعقدہ تقریب سے پروفیسر انصاف علی مغل خطاب کر رہے ہیں

آر ڈبلیو ایم سی کے زیر اہتمام 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے تقریب

پاک فوج اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے واک کا اہتمام کیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور چیئرمین راولپنڈی ویمنز نجمنٹ کمیٹی حسن وقار غیور اعوان کی اہلیہ اور آر ڈبلیو ایم سی کے زیر اہتمام 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے واک کا اہتمام کیا گیا، واک کی قیادت سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامدہ اقبال نے کی، واک میں آر ڈبلیو ایم سی کے تمام ڈیپارٹمنٹس سے تعلق رکھنے والے ملازمین کی بڑی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر شرکاء نے واک میں ترانہ اطفا رکھا تھا، جس پر شہداء اور پاک فوج کی (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور چیئرمین راولپنڈی ویمنز نجمنٹ کمیٹی حسن وقار غیور اعوان کی اہلیہ اور آر ڈبلیو ایم سی کے زیر اہتمام 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے واک کا اہتمام کیا گیا، واک کی قیادت سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامدہ اقبال یوم دفاع کے موقع پر پاک فوج اور شہداء اور اظہار یکجہتی کے لیے واک کی قیادت کر رہے ہیں۔

میں پہلے دن سے کہہ رہا ہوں نومئی کی تحقیقات کے معاملے پر دیر کی جارہی ہے، ملک احمد خان

لاہور (این این آئی) اینکر پنجاب آسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ میں پہلے دن سے کہہ رہا ہوں نومئی کی تحقیقات کے معاملے پر دیر کی جارہی ہے، کیا انوسٹی گیشن اور پراسیکیوشن کو اتنے بڑے جرم کی ڈیل ڈھونڈنے میں مشکل ہو رہی ہے، عدالتوں کے اندر کچھ بات کرتے ہیں باہر کوئی اور بات کرتے ہیں اور نتیجہ سیاسی (بقیہ نمبر 3)

ریجنرز اہلکار کو شہید کرنیوالا لیاری گینگ وار کا اہم کمانڈر گرفتار

گرفتار ملزم ماجد کا تعلق لیاری گینگ وار جھینگو گروپ سے ہے، ایس ایس پی سٹی

کراچی (این این آئی) کراچی میں پولیس نے رینجرز اہلکار کو شہید کرنے والے لیاری گینگ وار کے اہم کمانڈر کو گرفتار کر لیا، ایس ایس پی سٹی عارف عزیز کے مطابق گرفتار ملزم ماجد کا تعلق لیاری گینگ وار جھینگو گروپ سے ہے، انہوں نے بتایا ہے کہ ملزم (بقیہ نمبر 4)

پنجاب کالجز میں یوم دفاع کی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ حمل حسین پنجاب کالجز راولپنڈی اسلام آباد کے ڈائریکٹر چوہدری محمد اکرم اور دیگر مہمانوں کا طلباء طالبات کے ساتھ گروپ فوٹو

قومی عوامی تحریک ضلع کشمور کندہ کوٹ میں امن بحالی ریلی نکالی گئی

کمیٹی کے کھلے عام فروخت ہونے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا اور ریلی نکالی گئی

کشمور (سید ذیشان شاہ سے) کے مطابق قومی عوامی تحریک کے ضلع کارکنان نے مظاہرہ کیا اور ریلی نکالی، ریلی گھنٹہ گھر چوک سے شروع ہوئی بڑیں بازار سے ہوتی ہوئی مختلف علاقوں گلوں لیبری چوک سے ہوکر پریس کلب تک کندہ کوٹ پہنچی پریس کلب ریلی پہنچنے ہی بڑے جلسے میں شار ہوگئی بڑی تعداد میں مہر یوں نے خواتین، سماجی کارکن و مذہبی جماعتوں (بقیہ نمبر 10)

عید میلاد النبیؐ مذہبی عقیدت و احترام سے منایا جائیگا

یہ دن ہر مسلمان کے لیے عقیدت و احترام کا دن ہے، ڈپٹی کمشنر کشمور

کندہ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر امیر فضل اویسی کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر آفس میں 12 ربیع اول انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس بلایا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ 12 ربیع الاول شایان شان طریقے سے منایا جائے گا پورے شہری سرکاری اور نجی عمارتوں کو سجایا جائے گا۔ اجلاس میں شریک (بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر امیر فضل اویسی کی زیر صدارت عید میلاد النبیؐ کے جلوس کے انتظامات کا جائزہ لیا جارہا ہے

چوآ سیدن شاہ، 6 ستمبر یوم دفاع جوش و خروش سے منایا گیا

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کیطرف سے پروقار تقریب کا انعقاد

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزاد سے) 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول چوآ سیدن شاہ کے پرنسپل اصچھل ملک کی قیادت میں شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور شہریوں ریلی بھی نکالی گئی جس طلباء اساتذہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم (بقیہ نمبر 2)

کندہ کوٹ میں بھی 6 ستمبر یوم دفاع منایا گیا

ڈپٹی کمشنر کشمور امیر فضل اویسی کی ہدایت پر گھنٹہ گھر تک ریلی نکالی گئی

کندہ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) پورے ملک کی طرح کندہ کوٹ میں یوم دفاع کے دن کی مناسبت سے شہیدوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ضلع بھر میں انتظامیہ کی جانب سے ریلی کی شمل میں وطن کے شہداء کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ آج پورے ملک کی طرح کندہ کوٹ میں بھی شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ڈپٹی کمشنر کشمور امیر فضل (بقیہ نمبر 3)

282 ان فٹ گاڑیاں بند 2277 پبلک سروس گاڑیوں کے چالان

پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او اسید خالد بھالی کی ہدایت کے مطابق پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، سی پی او اسید خالد بھالی نے 11 روز کے دوران 282 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں، 2277 (بقیہ نمبر 4)

وارث خان، خاتون پر تیزاب پھینکنے کا معاملہ

واقعہ کی اطلاع پر سی پی او کاٹوش، فوری قانونی کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان کے علاقہ میں خاتون پر تیزاب پھینکنے کی اطلاع کا معاملہ، واقعہ کی اطلاع پر سی پی او سید خالد بھالی نے فوٹس لیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا، وارث خان پولیس نے متاثرہ خاتون کے (بقیہ نمبر 5)

ڈائریکٹر جنرل ضیب احمد مجید اولکھ ہائیٹ کچہری میں متاثرین کی شکایات سن رہے ہیں

راولپنڈی آرٹس کونسل میں شاندار تقریب کا انعقاد

پنجاب کالج کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء نے 1965 کے شہداء اور غازیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا

قومی خودمختاری، ملکی سالمیت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاک افواج ہر وقت تیار ہیں، سابق چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل حمل حسین

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب کالج کے زیر اہتمام یوم دفاع کی مناسبت سے راولپنڈی آرٹس کونسل میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے شرکاء نے 1965 کے شہداء اور غازیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ سابق چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل حمل حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم دفاع اس عزم کا اعادہ کرنا ہے کہ قومی خودمختاری، ملکی سالمیت (بقیہ نمبر 5)

شاعروں کی زبان کے عنوان سے ایک مشاعرہ

جس میں وادی سون سے بھی شعرائے کرام نے بھی اپنا کلام سنایا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور میں عہدا لجید خان ویلفیئر نے شاعروں کی زبان کے عنوان سے ایک مشاعرہ کروایا جس میں وادی سون سے بھی شعرائے کرام نے بھی اپنا کلام سنایا جبکہ سرپرست اعلیٰ سون ویلی لٹریری سوسائٹی ڈاکٹر محمد امتیاز سہیل اعوان صاحب کی صدارت میں ہوا۔ سون ویلی لٹریری سوسائٹی کے چیف ڈائریکٹر شارق عزیز میاں اعوان، (بقیہ نمبر 7)

شارق عزیز میاں اعوان، ملک عثمان نانی اور منیر سوان صاحب کو عہدا لجید خان ویلفیئر نے اعزازی شیلڈ سے نوازا گیا

راولپنڈی، طالب علم پر تشدد میں ملوث معلم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ طالب علم پر تشدد میں ملوث معلم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس کو متاثرہ بچے کے والد نے درخواست دی کہ (بقیہ نمبر 6)

پنجاب آرٹس کونسل میں دفاع پاکستان کانفرنس کا انعقاد

جنگیں ریاستی عوام اور فوج متحد ہو کر لڑا اور جیت سکتی ہیں، ڈائریکٹر سجاد حسین

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب آرٹس کونسل میں آل پاکستان میڈیا کونسل کے اشتراک سے یوم دفاع پاکستان کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت ڈائریکٹر آرٹس کونسل سجاد حسین نے کی جبکہ مہمان خصوصی وزیر اسپورٹ آزاد جموں و کشمیر جاوید بٹ تھے۔ مہمان خصوصی جاوید بٹ کا کہنا تھا کہ 1965 میں بھارت اور پاکستان کے درمیان ہونے (بقیہ نمبر 8)

ضلعی انتظامیہ سوگ کے خاتمے کیلئے تمام وصال بروئے کار لا رہی ہے، انیل سمید

اٹک (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سمید نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ سوگ کے خاتمے کیلئے تمام وصال بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سوگ کمیٹی کے اجلاس (بقیہ نمبر 9)

فوری ضرورت
ABC
عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

قومی خودمختاری اور سلامتی کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاک افواج ہر وقت تیار ہیں، سابق چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل حمل حسین

تحصیل گوجر خان مزارات پر گارڈ آف آنر کی تقریبات کے شہداء کے

کیپٹن سرور شہید اور سوار محمد حسین شہید نشان حیدر کے مزارات پر الگ الگ تقریبات جنرل خرم ایکس PM راجہ پرویز اشرف نے شرکت کی

آج کے دن پاکستانی فوج نے ازلی دشمن ہندوستان کو عبرتناک شکست دیکر شجاعت اور بہادری کی نئی تاریخ رقم کی راجہ پرویز اشرف

گوجر خان (قمر شہزاد) چھ ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے کینٹن سرور شہید (نشان حیدر)، سوار حسین شہید (نشان حیدر) کے مزار پر پاک فوج کی جانب سے پروقار تقریبات کا انعقاد، پاک آرمی کے چاک و چوبند دستوں نے شہداء کی قبروں پر پھولوں کے چادریں چڑھائیں اور سلامی پیش کی تفصیلات کے مطابق یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے نواحی قصبہ سنگھوری میں کیپٹن سرور شہید نشان حیدر کی یاد گار پر پاک فوج کی جانب سے پروقار تقریب کا انعقاد، جنرل خرم نے چیف آف آرمی سٹاف کی جانب سے یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور سلامی پیش کی بیگیڈ نے پنجاب رجمنٹ کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا تقریب میں سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف ڈی ایس پی سٹیم بنگلہ نے شرکت کی اور ہر سوار محمد حسین شہید کے مزار پر بھی گارڈ آف آنر کی تقریب کا انعقاد کیا گیا اس پر وقار تقریب میں میجر جنرل اڈاک ایریا راولپنڈی نے آرمی چیف کی جانب سے شہید کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر اہالیان علاقہ کے علاوہ ہر کیٹیگر سے تعلق رکھنے والے افراد کثیر تعداد میں موجود تھے پاک فوج کے چاک و چوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی اور 31 کیڈری رجمنٹ کے دستے نے (بقیہ نمبر 9)

موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس خفیہ گولڑہ موڑ میں موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے قبضے سے 14 لاکھ روپے مالیت کی 6 مسروقہ موٹر سائیکل اور سیمچ پاؤ بس برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی انکیات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور موٹر سائیکل چوری کی (بقیہ نمبر 1)

ویگن کی ٹکر سے بچہ جاں بحق، نوجوان نے خودکشی کر لی

بچہ سڑک عبور کر رہا تھا، نوجوان نے گھریلو ناچاکی پر موت کو گلے لگا لیا

جہلم (این این آئی) مادنے میں بچہ جاں بحق، گھریلو ناچاکی پر نوجوان پھندے سے لٹک گیا۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں ہری سنگھ میں بچہ سالہ بچہ (بقیہ نمبر 2)

طفی اور بلاج گروپ کو گھروں تک محدود رکھنے کا فیصلہ

ٹفی بٹ اور بلاج گروپ کو گھروں میں نظر بندی کرنے کی تجویز پیش کر دی

لاہور (این این آئی) ٹفی بٹ کے بہنوئی جاوید بٹ کو قتل کے واقعہ کے بعد مقتول کے گھر سے کینال روڈ تک گاڑی کے ساتھ آنے والی 60 مشتبہ موٹر سائیکلیں شارٹ لسٹ کر لی گئیں، جبکہ پولیس نے ٹفی اور بلاج گروپ کو گھروں تک محدود رکھنے کا فیصلہ کیا کیا ٹفی بٹ

یوم دفاع پاکستان پی ایچ اے کے زیر اہتمام ریلی کا انعقاد

ملکی سالمیت اور استحکام پاکستان کے لئے خصوصی دعا کا اہتمام بھی کیا گیا، قوم کو پاک فوج کے شہداء اور غازیوں پر ناز ہے

ریلی میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے احمد حسن رانجھا اور دیگر افسران سمیت ملازمین نے شرکت کی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی راولپنڈی کی جانب سے دفاع وطن کے عنوان سے پاک فوج کے شہداء کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے احمد حسن رانجھا نے 1965 کی جنگ کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو پاک فوج (بقیہ نمبر 2)

نیاتو شہ خانہ کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی نیاتو شہ خانہ کیس میں درخواست ضمانت پر سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے (بقیہ نمبر 24)

عدالت نے چیئرمین ریلوے کے احکامات معطل کر دیئے، شیخ انور

پی ایل اے ملازمین کی برطرفی کے احکامات پر یونین نے عدالت سے رجوع کیا تھا

محمد شاہ ٹیکم (این این آئی) مرکزی صدر ریلوے پریم یونین شیخ محمد انور نے کہا ہے کہ این آئی آر سی عدالت نے چیئرمین ریلوے کی طرف سے برطرف کئے گئے پی ایل اے ملازمین کی برطرفی کے احکامات کو منسل کر دیا ہے، پریم یونین نے ملازمین کے حقوق کی جدوجہد میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔ پریم یونین نے حافظ (بقیہ نمبر 3)

6 ستمبر یوم شہداء کے حوالے سے گورنمنٹ بوائز سکول کوتریڑہ میں تقریب

بلدیہ گوجر خان یوم دفاع کے حوالے سے سی او بلدیہ کی قیادت میں حیاتسر روڈ چوک تک ریلی کا اہتمام سرکاری اداروں کے افسران کی شرکت

پاک فوج نے ملک کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا شہداء کی قربانیوں کی وجہ سے آج ہم ایک آزاد اور خودمختار ملک کے وارث ہیں خضر ظہور

گوجر خان (قمر شہزاد) ملک بھر کی طرح گوجر خان میں بھی یوم دفاع جوش و خروش سے منایا گیا، پاک فوج کی بہادری اور پیشہ وارانہ مہارت اور شہداء کے بارے میں عی شمل کو آگاہی فراہم کرنے کے لیے سکولوں، کالجوں میں ہفتے سے جاری تحصیل انتظامیہ کی جانب سے مرکزی ریلی پبلک کمیٹی آفس سے حیاتسر روڈ تک نکالی گئی جس کی قیادت سید اولمد بیرا ظہیر مجید نے کی جس میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر سید کامران، ایجاز ٹریفک وارڈن انسپکٹر ہمیم زرداق، میڈیکل آفیسر رحمٹ لیٹن ڈاکٹر چاہد مبین، سیٹیل آفیسر اعظل وارثی، فیض اللہ اور دیگر بلدیہ کے عملے سیت مرکزی انجمن تاجران کے عہدداران نے شرکت کی جبکہ گورنمنٹ بوائز سیکنڈری سکول کوتریڑہ میں یوم شہداء کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان خضر ظہور گورائیہ کے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور پرچم کشائی کی تقریب میں شہداء کی فیملیز کو بھی بلوایا گیا تھا سکول کے بچوں نے یوم دفاع کے حوالے سے جیلو اور دیگر پروگرامز کا مظاہرہ کیا اس موقع پر اے سی گوجر خان نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو پاک فوج نے اپنی بہادری (بقیہ نمبر 5)

فیض حمید کا پی ٹی آئی حکومت میں ایک بڑا کردار رہا ہے: عامر ڈوگر

عامر ڈوگر نے پہلی دفعہ اعتراف کر لیا کہ فیض حمید کا پی ٹی آئی حکومت میں ایک بڑا کردار رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان تحریک انصاف رفاقت حسن کے بعد دوسرے پارٹی رہنما عامر ڈوگر نے بھی ریٹائرڈ فوجی افسر سے تعلق رکھنے کو تسلیم کیا ہے قرار دے دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے عامر ڈوگر نے یہ بھی اعتراف کر لیا کہ فیض حمید کا پی ٹی آئی حکومت میں ایک بڑا کردار رہا ہے۔ عامر ڈوگر نے خدشہ ظاہر کیا (بقیہ نمبر 2)

2 رکنی بائیک لفٹر گینگ گرفتار، 4 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد سے 16 سال بعد پولیو کیس رپورٹ، تعداد 17 ہوگئی

اسلام آباد کی یونین کونسل 4 سے ایک بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی، یہ نوٹکل پرسن پولیو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں اس سال پولیو کا ایک اور کیس رپورٹ ہوا ہے جس کے بعد رواں سال پولیو کیسز کی تعداد 17 ہوگئی۔ قومی ادارہ صحت کے مطابق اسلام آباد کی یونین کونسل 4 سے ایک بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے جس کے بعد اسلام آباد سے تقریباً 16 سال بعد پولیو کیس سامنے آیا ہے۔ قومی ادارہ صحت کا بتانا ہے کہ جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی کے جن کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی پائی گئی ہے۔ دوسری جانب وزیر اطلعم کی نوٹکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 8)

جعلی کھاد اور زرعی ادویات بنانے والی کمپنیز کے خلاف کریک ڈاؤن

بارش کی وجہ سے کپاس کی پیداوار میں کمی سے 4 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے جعلی کھاد اور زرعی ادویات بنانے والی کمپنیز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا، جعلی کھاد اور زرعی ادویات بنانے والی کمپنیوں کے لائسنس منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر زراعت محمد عظیم میمن کا کہنا ہے کہ بارش کی وجہ سے کپاس کی پیداوار میں کمی سے 4 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت زراعت کی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035